DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 28.06.2025

نمبر شمار	اہم قومی ومقامی خبریں	اخبارات
01	پیچیدہ بین الاقوامی حالات میں پاکستانی نہایت تعمیری کردار ادا کیا، گورنر۔	جنگ ودیگراخبارات
02	خضدار وزیراعلیٰ کور کمانڈر اور دیگر کی عطاء الرحمٰن مینگل کی شہادت پر تعزیت۔	جنگ ودیگراخبارات
03	بھارت بلوچستان میں بدامنی دہشتگردی اور شورش کو ہوا دے رہا ہے، سرفراز بگٹی۔	انتخاب ودیگراخبارات
04	ترقی اور خوشحالی میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کا کردار اہمیت کا حامل ہے، سلیم کھوسہ۔	مشرق ودیگراخبارات
05	لاہور قلندرز ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے ٹرائلز 2200 کھلاڑیوں کی رجسٹریشن۔	جنگ ودیگراخبارات
06	بلوچستان میں یو این ڈی پی کا کردار اہمیت کا حامل ہے، ربابہ خان بلیدی۔	مشرق ودیگراخبارات
07	محکمہ آبپاشی میں بیلداروں کی 15 آسامیوں کے لیے 4 ہزار سے زائد درخواستیں موصول۔	جنگ ودیگراخبارات
08	سرکاری ہسپتالوں کی حالت بہتر بنانے میں موثر کامیابی ملی، بخت کاکڑ۔	جنگ ودیگراخبارات
09	بلوچستان میں دہشت گردوں کو بھارتی حمایت حاصل ہے، ظہور بلیدی۔	جنگ ودیگراخبارات
10	صوبائی اور وفاقی بجٹ سے حلقہ انتخاب کے تمام مسائل کا خاتمہ کریں گے، نور محمد دمڑ۔	جنگ ودیگراخبارات
11	غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کا عمل تیز کیا جائے، چیف سیکرٹری۔	جنگ ودیگراخبارات
12	فوج کسی سیاسی جماعت سے بات نہیں کرتی حکومت کے احکامات پر عمل کرتی ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر۔	جنگ ودیگراخبارات
13	ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت اجلاس محرم الحرام کے حوالے سے اہم فیصلے۔	جنگ ودیگراخبارات
14	بلوچستان کے صارفین کے لیے رعایتی ٹیرف عدالت عالیہ کے حکم کی روشنی میں سفارشات کابینہ کو بھجوادیں۔	جنگ ودیگراخبارات
15	گوادر منشیات کے خلاف عالمی دن کی مناسبت سے واک۔	جنگ ودیگراخبارات
16	اقتصادی ترقی کے لیے پاکستان کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں، امریکی کونسل جنرل۔	جنگ ودیگراخبارات
17	مغوی مصور کاکڑ قتل بازیاب نہ کرانے پر غمزدہ ہیں شاہد رند اعتزاز گورایہ۔	جنگ ودیگراخبارات
18	مصور خان کی لاش نے حکومتی دعوؤں کو بے نقاب کر دیا، مولانا واسع۔	جنگ ودیگراخبارات
19	معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت اور اساتذہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ڈاکٹر عبدالمالک۔	جنگ ودیگراخبارات
20	ملازمین کے بنیادی حقوق کی پامالی قبول نہیں، جمعیت۔	جنگ ودیگراخبارات
21	مصور کاکڑ کی لاش ریاست کے منہ پر طمانچہ ہے، اصغر اچکزئی۔	جنگ ودیگراخبارات
22	مصور خان کاکڑ کی مسخ شدہ لاش نظام کی ناکامی کا ثبوت ہے۔ ہدایت الرحمٰن۔	جنگ ودیگراخبارات

امن وامان:

کوئٹہ ساتھ ماہ قبل اغوا ہونے والے 10 سالہ مصور کاکڑ کی ناقابل شناخت لاش برآمد، تربت فائرنگ کے مختلف واقعات دو افراد جاں بحق ایک زخمی، ہزار گنجی میں سیکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر کریکر حملہ، ہوائی فائرنگ نے ایک اور بچی کی جان لے لی، منگچر کلی دینگا نزئی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ، ایک شخص جاں بحق، حب شہر سے ایک شخص کی لاش برآمد۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

عوامی مسائل:

دریجی ساکران کے مختلف علاقے میں بارش نشیبی علاقے زیر آب آ گئے، خضدار سٹی میں قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے عوامی حلقے،

مورخہ 28.06.2025

اداریہ:

روزنامہ میزان کوئٹہ نے " **عوام کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح !**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ گذشتہ روز وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت "صفا کوئٹہ پروگرام" کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ عوام کو سہولیات دینا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ شہر میں تجاوزات شہریوں کے لیے روزمرہ زندگی میں مشکلات کا باعث بن رہی ہیں۔ حکومت اس حوالے سے کسی قسم کی نرمی برتنے کا ارادہ نہیں رکھتی۔ انہوں نے ہدایت دی کہ نکاسی آب اور ٹریفک کے مسائل کو مستقل بنیادوں پر حل اور شہر کی خوبصورتی کے لیے عملی اقدامات کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کو ایک جدید، صاف اور منظم شہری سہولیات سے آراستہ ماڈل سٹی کے طور پر ڈھالنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ شہر میں تجاوزات کیخلاف موثر آپریشن کا آغاز کیا جائے گا۔ عوام کو سہولیات دینا حکومت کی اولین ترجیح ہونے سے متعلق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا جلاس سے مذکورہ خطاب بلاشبہ عوام کی دادری کے لیے احسن اقدام ہے۔ کیونکہ عوام کو سہولیات کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ جہاں تک شہر میں تجاوزات کا روزمرہ میں زندگی میں مشکلات کا باعث بننے کی بات ہے تو اس سلسلے میں یہاں اس بات کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ یہ مسئلہ آج کا نہیں بلکہ بہت ہی پرانا ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس اہم مسئلے کو مستقل طور پر ختم کرنے کے لیے اقدامات نہیں کئے گئے صرف خانہ پری اور حاضر لگانے کی حد تک اقدامات کرنے سے یہ مسئلہ کبھی بھی حل نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ اس مسئلے کو جب بھی حل کرنے کی کوشش کی گئی اس میں سیاسی مداخلت کی گئی جو بلاشبہ ایک بڑی رکاوٹ ہے۔ جس سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوسکا۔ کوئٹہ شہر کی صفائی کا معاملہ بھی گھمبیر ہے۔ حکومت نے جو حالیہ صفائی کا ٹھیکہ جو ایک پرائیویٹ فرم کو دیا ہے گو کہ وہ کام کر رہی ہے لیکن اس پر بھی بعض تحفظات ہیں جن کو دور کر دینے سے اس کے کام میں مزید بہتری آسکے گی۔ اس لیے ان تحفظات کا خاتمہ ناگزیر ہے۔

اداریے:

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہوں بند ایک ہفتے ماشوکاز نوٹس جاری کئے جائیں**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ نے WB Funds for Balochistan " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

مضمون:

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 28 JUN 2025 Page No. 1

پیچیدہ بین الاقوامی حالات میں پاکستان نے نہایت تعمیری کردار ادا کیا، گورنر

ریاست کو ہمہ جہت چیلنجوں سے نکالنے کیلئے آج بھی تجربہ کار سیاسی اکابرین کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ موجودہ پیچیدہ اور گنجلک انٹرنیشنل افیئرز میں پاکستان نے نہایت متوازن اور تعمیری کردار ادا کیا ہے جو کہ لائق تحسین ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ دنیا میں امن و ترقی کیلئے مل جل کر کام کیا جائے۔ ریاست کو ہمہ جہت چیلنجوں سے نکالنے کیلئے آج بھی تجربہ کار سیاسی اکابرین کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ ملک کو معیشت، امن و امان اور سیاست کے میدان میں جن مشکلات کا سامنا ہے ان سے نجات حاصل کرنے کیلئے تجربہ کار سیاسی رہنماؤں کو آگے بڑھ کر اپنا تاریخی کردار ادا کرنا چاہیے۔ دنیا کے ہر ذی فہم شخص اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ سیاست ہی ملک میں قومی اتحاد و یکجہتی اور پائیدار ترقی کا معتبر وسیلہ ہے جس حصول صرف سیاستدانوں کی متحرک عملی کاوشوں سے ہی ممکن ہے۔ یہ بات انہوں نے گذشتہ روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں رکن قومی اسمبلی اعجاز الحق سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔

کوئٹہ: گورنر جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران اور عبدالرحیم زیارتوال ملاقات کر رہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل، سابق وفاقی وزیر اعجاز الحق، نسیم الرحمن، ملک عبدالولی عبدالحنان، عبدالرحیم زیارتوال علی رضا و دیگر ولی محمد اور محمد وارث کے بچوں کی دعوت ولیمہ میں شریک ہیں

MASHRIQ QUETTA

موجودہ پیچیدہ انٹرنیشنل افیئرز میں پاکستان نے متوازن و تعمیری کردار ادا کیا، گورنر

ملک کو جن مشکلات کا سامنا ہے اس کیلئے تجربہ کار سیاسی رہنماؤں کو آگے بڑھ کر تاریخی کردار ادا کرنا چاہیے، جعفر خان مندوخیل

سیاست ہی ملک میں قومی اتحاد و یکجہتی اور پائیدار ترقی کا معتبر وسیلہ ہے، گورنر ہاؤس کوئٹہ میں رکن قومی اسمبلی اعجاز الحق سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ موجودہ پیچیدہ اور گنجلک انٹرنیشنل افیئرز میں پاکستان نے نہایت متوازن اور تعمیری کردار ادا کیا ہے جو کہ لائق تحسین ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ دنیا میں امن و ترقی کیلئے مل جل کر کام کیا جائے۔ ریاست کو ہمہ جہت چیلنجوں سے نکالنے کیلئے آج بھی تجربہ کار سیاسی اکابرین کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ ملک کو معیشت، امن و امان اور سیاست کے میدان میں جن مشکلات کا سامنا ہے ان سے نجات حاصل کرنے کیلئے تجربہ کار سیاسی رہنماؤں کو آگے بڑھ کر اپنا تاریخی کردار ادا کرنا چاہیے۔ دنیا کے ہر ذی......

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

فہیم شخص اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ سیاست ہی ملک میں قومی اتحاد و یکجہتی اور پائیدار ترقی کا معتبر وسیلہ ہے جس کا حصول صرف سیاستدانوں کی متحرک عملی کاوشوں سے ہی ممکن ہے۔ یہ بات انہوں نے گذشتہ روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں رکن قومی اسمبلی اعجاز الحق سے گفتگو کرتے ہوئے کہی اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ارتقاء اور ترقی کے سفر میں انسان ایک نئے مرحلے میں داخل ہو رہا ہے جہاں معیشت اور ٹیکنالوجی کی ترقی کو اولین اہمیت حاصل ہے۔ ان شعبوں کو نظر انداز کر کے کوئی بھی قوم یا ملک تعمیر و ترقی کی نئی منازل طے نہیں کر سکتا انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ عصر حاضر کے نئے تقاضوں کے مطابق پاکستانی قوم بھی ترقی کے نئے امکانات اور مواقعوں سے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے محنت، جرات اور قومی اتفاق رائے کا مظاہرہ کریں گی گورنر مندوخیل نے کہا کہ تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا انسان وسائل یا افرادی قوت کی ترقی کو کلیدی اہمیت حاصل ہے اور سب کو اپنی منزل تک پہنچنے کیلئے عوام کی اجتماعی فلاح و بہبود کو اولین اہمیت دینے ہوگی واضح رہے کہ اگر ہم نئی نسل کو معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ جدید مہارتیں اور ٹیکنالوجی سے روشناس نہ کروایا تو وہ زندگی کی ہر دوڑ میں پیچھے رہ جائیگی۔

گورنر جعفر خان مندوخیل سے عبدالرحمن کھیتران اور عبدالرحیم زیارتوال ملاقات کر رہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے رکن قومی اسمبلی اعجاز الحق ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 30 روپے

جلد 54 ہفتہ 2 محرم الحرام 1447ھ 28 جون 2025ء نمبر 175

وڈھ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم و دیگر میر عطاء الرحمان مینگل کی شہادت پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

خضدار: وزیراعلیٰ، کور کمانڈر اور دیگر کی عطاء الرحمان مینگل کی شہادت پر تعزیت

خضدار (نامہ نگار) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم و دیگر اعلیٰ سول و عسکری عہدیداروں کی وڈھ باڈڑی آمد، میر عطاء الرحمان مینگل کی شہادت پر لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا سابق نگران وزیراعلیٰ بلوچستان میر محمد نصیر مینگل کے فرزند میر شفیق الرحمان مینگل میر محمود الرحمان مینگل کے بھائی میر مطیع الرحمٰن مینگل کے والد میر عطاء الرحمان مینگل کی شہادت پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم نے جمعرات کے روز ان کی رہائشگاہ وڈھ باڈڑی جاکر تعزیت کا اظہار کیا اس موقع پر صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو کمشنر قلات ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی، ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین حاجی محمد اقبال اور دیگر موجود تھے۔

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53	ہفتہ 02 محرم الحرام 1447ھ 28 جون 2025ء صفحات 08	شمارہ 359
رجسٹرڈ BC-m-1	Email. mashriqqta2008@gmail.com	PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 30 روپے

بھارت بلوچستان میں بدامنی، دہشتگردی اور شورش کو ہوا دے رہا ہے: سرفراز بگٹی

پاکستان نے ایس سی او میں سفارتی کامیابی حاصل کی جہاں بلوچستان میں بھارتی مداخلت کے ٹھوس شواہد پیش کئے، وزیراعلیٰ بلوچستان

بھارت خطے کے امن کو سبوتاژ کر رہا ہے جس سے پاکستان نے دنیا کو آگاہ کیا جو الزامات نہیں ٹھوس حقائق ہیں

بلوچستان کی سرزمین کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا، سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے حالیہ اجلاس میں پاکستان نے ایک اور بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے، جہاں بھارت کی جانب سے پہلگام کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش ناکام ہو گئی اس اجلاس......

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

میں پاکستان نے بلوچستان میں بھارتی مداخلت کے ٹھوس اور ناقابل تردید شواہد پیش جس نے عالمی برادری کی توجہ اس اہم مسئلے کی جانب مبذول کرائی سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ پاکستان نے طویل عرصے سے دنیا کو آگاہ کیا ہے کہ بھارت بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی اور شورش کو ہوا دے کر خطے کے امن کو سبوتاژ کر رہا ہے اب ہمارے پاس ایسے شواہد موجود ہیں جو صرف الزامات نہیں بلکہ ٹھوس حقائق پر مبنی ہیں اور عالمی برادری کو جھنجھوڑنے کیلئے کافی ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر اُس بین الاقوامی فورم پر یہ شواہد پیش کرنے کیلئے تیار ہے جو سچائی اور انصاف کی قدر کرتا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ عالمی طاقتیں بلوچستان میں بھارتی کردار کا سنجیدگی سے نوٹس لیں اور امن کے قیام میں پاکستان کا ساتھ دیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت کو برداشت نہیں کرے گا اور بلوچستان کی سرزمین کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا۔

CamScanner

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 194 | ہفتہ، 2 محرم الحرام، 28 جون 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

پاکستان کی سفارتی فتح عالمی برادری نے بلوچستان میں بھارتی مداخلت تسلیم کرلی، وزیراعلیٰ

شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں بھارت کی جانب سے پہلگام واقعہ کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش ناکام ہوگئی

پاکستان بیرونی مداخلت برداشت نہیں کرے گا، بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش ناکام بنادینگے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے حالیہ اجلاس میں پاکستان نے ایک اور بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے، جہاں بھارت کی جانب سے پہلگام کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش ناکام ہوگئی اس اجلاس میں پاکستان نے بلوچستان میں بھارتی مداخلت کے ٹھوس اور ناقابل تردید شواہد پیش کیے، جنہوں نے عالمی برادری کی توجہ اس اہم مسئلے کی جانب مبذول (باقی صفحہ 5 نمبر 30)

(باقی صفحہ 5 نمبر 30)

کرائی سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ پاکستان نے طویل عرصے سے دنیا کو آگاہ کیا ہے کہ بھارت بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی اور شورش کو ہوا دے کر خطے کے امن کو سبوتاژ کر رہا ہے اب ہمارے پاس ایسے شواہد موجود ہیں جو صرف الزامات نہیں بلکہ ٹھوس حقائق پر مبنی ہیں اور عالمی برادری کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر اس بین الاقوامی فورم پر یہ شواہد پیش کرنے کے لیے تیار ہے جو سچائی اور انصاف کی قدر کرتا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ عالمی طاقتیں بلوچستان میں بھارتی کردار کا سنجیدگی سے نوٹس لیں اور امن کے قیام میں پاکستان کا ساتھ دیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت کو برداشت نہیں کرے گا اور بلوچستان کی سرزمین کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 28 جون 2025ء بمطابق 2 محرم الحرام 1447ھ | شمارہ نمبر 175

بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش ناکام بنادی جائے گی

میر سرفراز بگٹی

بھارت بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی اور شورش کو ہوا دے کر خطے کے امن کو سبوتاژ کر رہا ہے

اب ہمارے پاس ایسے شواہد موجود ہیں جو صرف الزامات نہیں بلکہ ٹھوس حقائق پر مبنی ہیں اور عالمی برادری کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے حالیہ اجلاس میں پاکستان نے ایک اور بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے، جہاں بھارت کی جانب سے پہلگام کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش ناکام ہوگئی اس اجلاس میں پاکستان نے بلوچستان میں بھارتی مداخلت کے ٹھوس اور ناقابل تردید شواہد پیش کیے، جنہوں نے عالمی برادری کی توجہ اس اہم مسئلے کی جانب مبذول کرائی سماجی رابطے کی سائٹ

بقیہ نمبر 46 صفحہ 5 پر

ایکس پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ پاکستان نے طویل عرصے سے دنیا کو آگاہ کیا ہے کہ بھارت بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی اور شورش کو ہوا دے کر خطے کے امن کو سبوتاژ کر رہا ہے اب ہمارے پاس ایسے شواہد موجود ہیں جو صرف الزامات نہیں بلکہ ٹھوس حقائق پر مبنی ہیں اور عالمی برادری کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر اس بین الاقوامی فورم پر یہ شواہد پیش کرنے کے لیے تیار ہے جو سچائی اور انصاف کی قدر کرتا ہے ہم چاہتے ہیں کہ عالمی طاقتیں بلوچستان میں بھارتی کردار کا سنجیدگی سے نوٹس لیں اور امن کے قیام میں پاکستان کا ساتھ دیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت کو برداشت نہیں کرے گا اور بلوچستان کی سرزمین کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518
قیمت 40 روپے صفحات 8

جلد نمبر 37 | بروز جمعۃ المبارک 27 جون 2025ء بمطابق یکم محرم الحرام 1447ھ | شمارہ نمبر 174

وزیراعلیٰ کی غیر حاضر ملازمین کو فوری ڈیوٹی پر آنے کی ہدایت، تنخواہیں روکنے کا فیصلہ

میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی غیر حاضری اور فرائض کی انجام دہی میں غفلت کا نوٹس لے لیا، غیر حاضر ملازمین کو ضابطے کے مطابق ایک ہفتے کے اندر شوکاز نوٹس جاری کرنے کے احکامات

فرائض سے غفلت برتنے والے ملازمین تفصیلات فوری طلب، تسلی بخش جواب نہ دینے پر فوری فارغ کر کے ان کی جگہ نئے اہل امیدوار کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کئے جائیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی غیر حاضری اور فرائض کی انجام دہی میں غفلت پر سخت نوٹس لیتے ہوئے واضح ہدایات جاری کی ہیں کہ سرکاری ملازمین بالخصوص اساتذہ کی جانب سے ڈیوٹی سے مسلسل غیر حاضری یا کام میں لاپرواہی کی صورت میں کسی بھی قسم کی تنخواہ یا مراعات قومی خزانے سے ادا نہیں کی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ تعلیم کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ ایسے تمام اساتذہ اور دیگر اداروں کے ملازمین کی تفصیلات فوری طور پر طلب کی جائیں جو اپنے فرائض سے غفلت برت رہے ہیں یا بغیر کسی اطلاع کے مسلسل غیر حاضر ہیں۔ ان ملازمین کو ضابطے کے مطابق ایک ہفتے کے اندر شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں، اور اگر وہ تسلی بخش جواب نہ دے سکیں تو انہیں فارغ کر کے ان کی جگہ خالی آسامیوں پر نئے اہل امیدواروں کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر

بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پر

بھرتی کیا جائے انہوں نے سابقہ ادوار کے غلط فیصلوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ تعلیم، محکمہ صحت اور دیگر سرکاری اداروں میں کسی بھی ملازم [illegible] کرنے کی اجازت [illegible] میں ہم ترقی کی جس دوڑ میں پیچھے رہ گئے ہیں اس میں [illegible] نقصان پہنچایا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت تعلیم کے فروغ کے لیے [illegible] ہے جو سرکاری ملازمین اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام نہیں دیں گے ان کے ساتھ کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے افسران کو تاکید کی کہ وہ فیلڈ وزٹ کر کے حاضری کو یقینی بنائیں اور کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ کریں۔

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کا بجٹ منظور کے بعد صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین اسمبلی کے ہمراہ گروپ فوٹو

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 Page No. 7

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 ہفتہ 28 جون 2025ء بمطابق 02 محرم 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ 174

بلوچستان کی سرزمین کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش ناکام بنا دینگے

میر سرفراز بگٹی

شنگھائی تعاون تنظیم ایس سی او کے حالیہ اجلاس میں پاکستان نے ایک اور بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے' بھارت پہلگام واقعہ کو پاکستان سے جوڑنے میں ناکام ہوگیا

پاکستان نے طویل عرصے سے دنیا کو آگاہ کیا ہے کہ بھارت بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی اور شورش کو ہوا دے رہا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ عالمی برادری اس کا سنجیدہ نوٹس لے' وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے حالیہ اجلاس میں پاکستان نے ایک اور بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے، جہاں بھارت کی جانب سے پہلگام کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش ناکام ہوگئی اس اجلاس میں پاکستان نے بلوچستان میں بھارتی مداخلت کے ٹھوس اور ناقابل تردید شواہد پیش کیے، جنہوں نے عالمی برادری کی توجہ اس اہم مسئلے کی جانب مبذول کرائی سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ پاکستان نے طویل عرصے سے دنیا کو آگاہ کیا ہے کہ بھارت بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی اور شورش کو ہوا دے کر خطے کے امن کو سبوتاژ کر رہا ہے اب ہمارے پاس ایسے شواہد موجود ہیں جو صرف الزامات نہیں بلکہ ٹھوس حقائق پر مبنی ہیں اور عالمی برادری کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر اُس بین الاقوامی فورم پر یہ شواہد پیش کرنے کے لیے تیار ہے جو سچائی اور انصاف کی قدر کرتا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ عالمی طاقتیں بلوچستان میں بھارتی کردار کا سنجیدگی سے نوٹس لیں اور امن کے قیام میں پاکستان کا ساتھ دیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت کو برداشت نہیں کرے گا اور بلوچستان کی سرزمین کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

let No. 1 Page No. 8

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال رجسٹرڈ نمبر بی سی-1 چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | ہفتہ 28 جون 2025ء 2 محرم الحرام 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 175

بلوچستان کی سرزمین کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائیگا

وزیراعلیٰ بگٹی

شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے حالیہ اجلاس میں پاکستان نے ایک اور بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے

ہمارے پاس ایسے شواہد موجود ہیں جو صرف الزامات نہیں بلکہ ٹھوس حقائق پر مبنی ہیں اور عالمی برادری کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہیں

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے حالیہ اجلاس میں پاکستان نے ایک اور بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے، جہاں بھارت کی جانب سے پہلگام کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش ناکام ہوگئی اس اجلاس میں پاکستان نے بلوچستان میں بھارتی مداخلت کے ٹھوس اور ناقابل تردید شواہد پیش کیے، جنہوں نے عالمی برادری کی توجہ اس اہم مسئلے کی جانب مبذول کرائی سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ پاکستان نے طویل عرصے سے دنیا کو آگاہ کیا ہے کہ بھارت بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی اور شورش کو ہوا دے کر خطے کے امن کو سبوتاژ کر رہا ہے اب ہمارے پاس ایسے شواہد موجود ہیں جو صرف الزامات نہیں بلکہ ٹھوس حقائق پر مبنی ہیں اور عالمی برادری کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر اس بین الاقوامی فورم پر یہ شواہد پیش کرنے کے لیے تیار ہے جو سچائی اور انصاف کی قدر کرتا ہے ہم چاہتے ہیں کہ عالمی طاقتیں بلوچستان میں بھارتی کردار کا سنجیدگی سے نوٹس لیں اور امن کے قیام میں پاکستان کا ساتھ دیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت کو برداشت نہیں کرے گا اور بلوچستان کی سرزمین کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 9

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم

بیاد: جمیل الرحمٰن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | ہفتہ 28 جون 2025ء، 02 محرم الحرام 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 291

عالمی طاقتیں بلوچستان میں ہندوستانی کردار کا سنجیدگی سے نوٹس لیں، سرفراز بگٹی

شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے حالیہ اجلاس میں پاکستان نے ایک اور بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے، جہاں ہندوستان کی جانب سے پہلگام کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش ناکام ہوگئی، وزیراعلیٰ بلوچستان

اس اجلاس میں پاکستان نے بلوچستان میں ہندوستانی مداخلت کے ٹھوس اور ناقابل تردید شواہد پیش کیے، جنہوں نے عالمی برادری کی توجہ اس اہم مسئلے کی جانب مبذول کرائی، سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے حالیہ اجلاس میں پاکستان نے ایک اور بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے، جہاں بھارت کی جانب سے پہلگام کو (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

پاکستان سے جوڑنے کی کوشش ناکام ہوگئی اس اجلاس میں پاکستان نے بلوچستان میں بھارتی مداخلت کے ٹھوس اور ناقابل تردید شواہد پیش کیے، جنہوں نے عالمی برادری کی توجہ اس اہم مسئلے کی جانب مبذول کرائی سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ پاکستان نے طویل عرصے سے دنیا کو آگاہ کیا ہے کہ بھارت بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی اور شورش کو ہوا دے کر خطے کے امن کو سبوتاژ کر رہا ہے اب ہمارے پاس ایسے شواہد موجود ہیں جو صرف الزامات نہیں بلکہ ٹھوس حقائق پر مبنی ہیں اور عالمی برادری کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر اس بین الاقوامی فورم پر یہ شواہد پیش کرنے کے لیے تیار ہے جو سچائی اور انصاف کی قدر کرتا ہے ہم چاہتے ہیں کہ عالمی طاقتیں بلوچستان میں بھارتی کردار کا سنجیدگی سے نوٹس لیں اور امن کے قیام میں پاکستان کا ساتھ دیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت کو برداشت نہیں کرے گا اور بلوچستان کی سرزمین کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا۔

CamScanner

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: نعمت اللہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 21 | ہفتہ 28 جون 2025ء 02 محرم الحرام 1447ھ | شمارہ 77

پاکستان ہر عالمی فورم پر سچائی کیساتھ کھڑا ہے، سرفراز بگٹی

شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں پاکستان کی بڑی سفارتی کامیابی، بلوچستان میں بھارتی مداخلت کے ناقابل تردید شواہد پیش کردیے

پاکستان کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت کو برداشت نہیں کرے گا اور بلوچستان کی سرزمین کو غیر مستحکم کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شنگھائی بقیہ 9 صفحہ 6 پر

تعاون تنظیم (SCO) کے حالیہ اجلاس میں پاکستان نے ایک اہم سفارتی کامیابی حاصل کرتے ہوئے بلوچستان میں بھارتی مداخلت کے ٹھوس اور ناقابل تردید شواہد عالمی برادری کے سامنے پیش کیے ہیں۔ ان شواہد نے دنیا کی توجہ اس سنگین معاملے کی جانب مبذول کرائی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ "ایکس" پر اپنے بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان نے عرصہ دراز سے بھارت کی بلوچستان میں دہشت گردی، بدامنی اور شورش کو ہوا دینے کی سرگرمیوں سے دنیا کو آگاہ کیا ہے، اور اب ایسے ناقابل تردید ثبوت دستیاب ہیں جو صرف الزامات نہیں بلکہ حقائق پر مبنی ہیں۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ بھارت کی جانب سے پہلگام کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش بھی اجلاس میں ناکام بنا دی گئی۔

CamScanner

حاوتی سرگرمیاں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan

antimes.pk
stantimes.pk
pk

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1141 QUETTA Saturday June 28

India's propaganda fails, truth prevails at SCO Forum: CM Bugti

Staff Report

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has said that Pakistan has achieved another major diplomatic success in the recent meeting of the Shanghai Cooperation Organization (SCO), where India's attempt to link Pahalgam with Pakistan failed.

In this meeting, Pakistan presented solid and undeniable evidence of Indian interference in Balochistan, which drew the attention of the international community to this important issue. Speaking on social networking site X, Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti said that Pakistan has long informed the world that India is sabotaging regional peace by fomenting unrest, terrorism and insurgency in Balochistan. Now we have evidence that is not just allegations but based on solid facts and is enough to shake the international community.

He said that Pakistan is ready to present this evidence at every international forum that values truth and justice. We want the world powers to take serious notice of the Indian role in Balochistan and support Pakistan in establishing peace. Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti He said that Pakistan will not tolerate any kind of external interference and every attempt to destabilize the territory of Balochistan will be thwarted.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 28 JUN 2025

Page No. 12

ترقی اور خوشحالی میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کا کردار اہمیت کا حامل ہے، سلیم کھوسہ

صوبے میں انفراسٹرکچر کی بہتری ترقی اور خوشحالی کا دارومدار محکمہ مواصلات وتعمیرات کی بہتر کارکردگی پر منحصر ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کا کردار ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے صوبے میں انفراسٹرکچر کی بہتری ترقی اور خوشحالی کا دارومدار محکمہ مواصلات و تعمیرات کی بہتر کارکردگی پر منحصر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مالی سال 252024۔ نئے مالی سال 26 2025۔ اور مون سون بارشوں کے پیش نظر حفاظتی اقدامات کے حوالے سے منعقدہ زوم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبائی سیکرٹری مواصلات وتعمیرات لعل جان جعفر چیف انجینئر روڈز اور بلڈنگز سپرینٹنڈنگ انجینئرز اور ضلعی انجینئرز آفیسران کے علاوہ محکمہ مواصلات وتعمیرات کے دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

لاہور قلندرز ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے ٹرائلز، 22 سو کھلاڑیوں کی رجسٹریشن

منتخب کھلاڑیوں کو مختلف ممالک میں ٹریننگ دی جائے گی، مینا مجید اور عاطف رانا کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی مشیر برائے کھیل مینا مجید اور لاہور قلندر کے سی ای او عاطف رانا نے کہا ہے کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت کرکٹ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے سلسلے میں ٹرائلز کا آغاز کوئٹہ سے کر دیا گیا ہے بلوچستان سے 22 سو سے زائد کھلاڑیوں کی رجسٹریشن ہوئی ہے منتخب ہونے والے کھلاڑیوں کو مختلف ممالک میں ٹریننگ دی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیوٹمز میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا عاطف رانا نے کہا کہ لاہور قلندرز اب تک ساڑھے چھ لاکھ کھلاڑیوں کا ٹرائلز کر چکی ہے اس مقصد کے لئے بلوچستان سے 22 سو سے زائد کھلاڑی رجسٹرڈ ہوئے ہیں جو چار روز تک ہونے والے ٹرائلز میں شرکت کریں گے بلوچستان سے منتخب ہونے والے کھلاڑیوں کی 5 ٹیمیں بنائی جائیں گی سلیکٹ ہونے والے کھلاڑیوں کو مختلف ممالک میں ٹریننگ دی جائے گی انھوں نے خواہش ظاہر کی کہ آئندہ سیزن میں بلوچستان کے کھلاڑی بھی لاہور قلندرز میں کھیلیں اس موقع پر صوبائی مشیر برائے کھیل مینا مجید نے کہا کہ ٹرائلز کا آغاز بلوچستان سے کرنا بلوچستان کی اہمیت کا اعتراف ہے بلوچستان سے جو پانچ مختلف ٹیمیں بنائی جائیں گی اس سے نہ صرف مقامی کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی ہوگی بلکہ اس سے بلوچستان میں کرکٹ کے کھیل کو فروغ بھی حاصل ہوگا محکمہ سپورٹس ٹیلنٹ ہنٹ کے لیے کالجز اور یونیورسٹیوں سے نوجوانوں کے ٹرائلز کرے گا ان میں سے بلوچستان کے پانچ نوجوانوں کو لاہور کے مرکزی ٹریننگ کیمپ کے لیے منتخب کیا جائے گا

بلوچستان میں یو این ڈی پی کا کردار اہمیت کا حامل ہے، ربابہ خان بلیدی

خواتین، بچوں اور پسماندہ طبقات کے حقوق کے تحفظ کیلئے کیے جانیوالے اقدامات قابلِ تحسین ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے اقوام متحدہ کے ترقیاتی ادارے (یو این ڈی پی) بلوچستان کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت یو این ڈی پی رول آف لا پروگرام کی منیجر شہزادہ احمد اور بلوچستان میں یو این ڈی پی کے سربراہ ذوالفقار درانی نے کی۔ وفد نے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو یو این ڈی پی کے جاری پروگرامز، خصوصاً بلوچستان میں قانون کی حکمرانی، انصاف کی فراہمی، اور انسانی حقوق کے تحفظ کے حوالے سے اقدامات پر تفصیل سے آگاہ کیا۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے ادارے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان جیسے حساس خطے میں یو این ڈی پی کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ خواتین، بچوں اور پسماندہ طبقات کے حقوق کے تحفظ کے لیے اقدامات قابلِ تحسین ہیں۔ ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کا مقصد خواتین کو بااختیار بنانا اور انصاف تک ان کی رسائی کو یقینی بنانا ہے۔ یو این ڈی پی جیسے اداروں کی شراکت سے ہم اس مشن کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھا سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مؤثر پالیسی سازی کے لیے زمینی حقائق، مشاورت اور قابلِ اعتماد شراکت داری ناگزیر ہے محکمہ ترقی نسواں کی کوشش ہے کہ صوبے کی ہر بچی، ہر عورت کو یہ احساس ہو کہ ریاست اس کے ساتھ کھڑی ہے چاہے وہ تعلیم ہو، صحت ہو یا انصاف کی فراہمی، یو این ڈی پی جیسا بین الاقوامی ادارہ اس مقصد کے حصول میں مددگار ثابت ہو رہا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

سرکاری ہسپتالوں کی حالت بہتر بنانے میں موثر کامیابی ملی، بخت کاکڑ

بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ لوگ سرکاری ہسپتالوں سے اپنا علاج کروا رہے ہیں، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ سرکاری ہسپتالوں کی حالات بہتر بنانے میں کامیابی ملی ہے مزید بہتری کیلئے ضروری مشینری ادویات اور دیگر حوالے سے حکومت بھرپور کارروائی کر رہی ہے بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہے جو سرکاری ہسپتالوں سے عوام اپنا علاج ومعالجہ بڑے آسانی سے کر رہے ہیں 'یہ بات.........

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

انہوں نے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے اس کی خوشحالی اور کامیابی میں ہم سب نے ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا عوام کا علاج ومعالجہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے یہی وجہ ہے کہ بحیثیت صوبائی وزیر صحت تمام سرکاری ہسپتالوں کا خفیہ دورہ کر رہا ہوں اور موقع پر جس کی بھی کوتاہی سامنے آگئی اس کے خلاف کارروائی کرینگے کیونکہ جب تک ہم اس طرح کے اقدامات نہیں کرینگے سرکاری ہسپتالوں کے حالات ٹھیک کرنے میں وقت لگے گا لیکن ہماری کوشش ہے۔

بلوچستان میں دہشتگردوں کو بھارتی حمایت حاصل ہے، ظہور بلیدی

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ بھارت کا شنگھائی تعاون تنظیم کے اعلامیہ پر دستخط سے انکار بلوچستان میں دہشتگردی کو ہوا دینے کا واضح اعتراف ہے۔ پاکستان نے بارہا بلوچستان میں بھارتی مداخلت ودہشتگردی کو دنیا کے سامنے آشکار کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ چین میں شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے دفاع کا اجلاس ہوا

محکمہ آبپاشی میں بیلداروں کی 15 آسامیوں کیلئے چار ہزار سے زائد درخواستیں موصول

بیروزگاری ایک سنجیدہ مسئلہ بن چکی، ملازمتوں کی تعداد محدود جبکہ امیدواروں کی تعداد کہیں زیادہ ہے، صادق عمرانی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمتوں کی تعداد محدود جبکہ امیدواروں کی تعداد کہیں زیادہ ہے صرف محکمہ آبپاشی میں بیلداروں کی 15 خالی اسامیوں کے لیے چار ہزار سے زائد درخواستیں موصول ہوئی ہیں جو موجودہ حالات میں روزگار کی شدید طلب کا عکاس ہے مختلف وفود اور صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے میر صادق عمرانی نے کہا کہ موجودہ وقت بیروزگاری ایک سنجیدہ مسئلہ بن چکی ہے ہماری کوشش ہے کہ نوجوانوں کو مایوسی کے اندھیروں سے نکال کر مثبت اور پائیدار روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں تاہم یہ امر بھی باعث افسوس ہے کہ جب کسی کو سرکاری ملازمت مل جاتی ہے تو اکثر افراد ذمہ داری سے کام کرنے کی بجائے محض تنخواہ کے حصول کو ہی کافی سمجھتے ہیں بعض لوگ چاہتے ہیں کہ انہیں تنخواہ بھی ملے اور کام بھی نہ کرنا پڑے جو کہ ایک افسوسناک سوچ ہے وزیر آبپاشی نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ اس وقت صرف پٹ فیڈر کینال میں تقریباً 700 بیلدار تعینات ہیں۔

CamScanner

کاوی لکھ کرمیاں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 28 JUN 2025 Page No. 13

صوبائی اور وفاقی بجٹ سے حلقہ انتخاب کے تمام مسائل کا خاتمہ کرینگے نور محمد دمڑ

وفاقی وصوبائی بجٹ میں ضلع ہرنائی کی ترقی کیلئے منصوبے شامل ہیں اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا جائے گا

ہمارا مشن علاقے کی ترقی نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی تعلیم صحت سپورٹس روڈ جیسی بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے، وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے کامیاب بجٹ پیش کر کے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار ہر محکمے کو سرپلس بجٹ دیا گیا وفاق اور بلوچستان کی بجٹ عوام دوست بجٹ ہے جس ضلع ہرنائی سمیت صوبہ کے ترقیاتی وخوشحالی کے منصوبے شامل ہے وفاقی اور بلوچستان بجٹ 2025/026 میں اربوں روپے کے میگا پراجیکٹس منظور کروائے ہے جن کی تکمیل سے حلقہ پی بی سات زیارت کم ہرنائی کے عوام کے اہم اجتماعی مسائل حل ہونگے' یہ بات انہوں نے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ حالیہ بجٹ میں ضلع ہرنائی کے تمام علاقوں زرغون غر سے لیکر اسپین تنگی بابہان تک تمام علاقوں میں عوام کے اجتماعی منصوبوں کیلئے بجٹ میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے صوبائی بجٹ میں ڈیڑھ ارب روپے منظور کروائے ہے، ضلع ہرنائی کیلئے وفاق اور صوبے سے اربوں روپے منظور کروائے ہے جن کی تکمیل سے ضلع ہرنائی کے اہم مسائل حل ہونگے عوام نے مجھ پر اعتماد کیا گیا اس کو ٹھیس نہیں پہنچائے گے ضلع ہرنائی کی ترقی وخوشحالی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے وفاقی وصوبائی بجٹ میں ضلع ہرنائی کی ترقی کیلئے اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے شامل ہے اور ہرنائی کے ان تمام پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا جائے گا انہوں نے کہا سیاست کو عوام کی خدمت کے لیے اپنایا گیا عوام کی خدمت کرنے کے لئے تمام تر صلاحیتیوں کو بروئے کار لارہے ہیں عوامی مسائل انکی دہلیز پر فراہم کی جائے گا ہرنائی شاہرگ کھوسٹ زردالو اسپین تنگی زرغون غر اور دیگر علاقوں میں ترقیاتی کاموں پر تعمیراتی کام جاری ہے مزید بھی ترقی کا یہ سلسلہ جاری رہے گا بہت جلد ضلع ہرنائی سے پسماندگی ختم کرنے کے لئے حالیہ بجٹ میں منظور کیے گئے

غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کا عمل تیز کیا جائے، چیف سیکرٹری

بجٹ میں عوام کی فلاح وبہبود کے لیے منصوبے بنائے گئے ہیں، کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں صوبائی حکومت کی جانب سے عوام کی فلاح وبہبود کے لیے اٹھائے گئے اقدامات، بنیادی سہولیات کی فراہمی، نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی، عملی کچہریوں سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی سید فیصل احمد، سیکرٹری سکولز صالح محمد ناصر، سیکرٹری انڈسٹریز خالد سرپرہ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات جبکہ دیگر ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نے بجٹ میں عوام کی فلاح وبہبود کے لیے منصوبے بنائے گئے ہیں جن کی تکمیل سے عوام کی معیار زندگی میں خاطر خواہ بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ تعلیم اور صحت میں باقی ماندہ آسامیوں کو پر کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ جن اضلاع نے آسامیوں کا اشتہار نہیں دیا ہے۔ جو 30 جون تک جاری کیا جائے تاکہ صوبے میں غیر فعال سکولز کی فعالی کو ممکن بنایا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام عارضی بنیادوں پر تعینات اساتذہ کی تنخواہوں کی ادائیگی فوری طور پر یقینی بنائے اور اساتذہ کی ڈاکومنٹس کی تصدیق عمل کو تیز کیا جائے۔ تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے متعلقہ اضلاع میں اشیاء خورد ونوش کی سرکاری نرخوں پر فروخت یقینی بنائیں اور کوئی دکاندار سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی نہ کر سکے۔ انہوں نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو پرائس کنٹرول کا گوگل شیٹ پر بھیجنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ 9850 بازاروں کے دورے کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کے عمل کو تیز کیا جائے۔ جن لوگوں کے پاس پاکستانی شہریت نہیں ہے یا پاکستانی ویزا نہیں ہے ان کو ڈی پورٹ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے مون سون بارشوں کے حوالے سے تیاریاں کر رہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

فوج کسی سیاسی جماعت سے بات نہیں کرتی، حکومت کے احکامات پر عمل کرتی ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

داخلی سلامتی کے لیے فوج خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے علاقوں میں موجود ہے، وہ بھی صوبائی حکومت کے احکامات پر ہے

بلوچستان کے لوگ پاکستان کے ساتھ ہیں، یک پاکستانی شہری کی زندگی ہمیں ہزاروں افغان شہریوں سے زیادہ مقدم ہے

فوج کو برائے مہربانی سیاست میں ملوث نہ کیا جائے، یہ سیاستدانوں کا کام ہے کہ وہ آپس بات کریں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری

اسلام آباد (شاکر رحمان پاکستان کی مسلح افواج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے سابق وزیراعظم عمران خان سے مذاکرات یا پس پردہ رابطوں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ فوج سیاسی جماعتوں سے بات کرنے میں دلچسپی نہیں رکھتی، یہ ....

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

سیاستدانوں کا کام ہے کہ وہ آپس بات کریں، پاکستان کی مسلح افواج، پاکستان کی فوج کو برائے مہربانی سیاست میں ملوث نہ کیا جائے، ہم اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں پر مکمل توجہ دیتے ہیں، بغیر کسی ثبوت کے سیاسی بنیادوں پر بنائے گئے مفروضوں پر توجہ دینے سے اجتناب کیا جانا چاہیے، سٹریٹجک غلط فہمیوں کا شکار لوگ اپنا ذہن صاف کریں، بلوچستان کے لوگ پاکستان کے ساتھ ہیں، یہ حقائق ہیں اور اس میں کسی کو کوئی شک نہیں ہونا چاہیے، بلوچستان میں جو دہشت گرد کام کر رہے ہیں، وہ کس کو نشانہ بنا رہے ہیں؟ وہ ہم سے براہ راست مقابلے سے گھبراتے ہیں، کسی کے پاس یہ حق نہیں کہ وہ کسی کو غائب کرے، سب سے پہلے ہمیں بیانیے، جھوٹ اور سچ میں فرق کرنا ہوگا، پاکستان میں قانون کے نظام کو موثر اور بہتر کرنے کی ضرورت ہے، اظہار رائے کی آزادی کے کچھ اصول اور قوانین ہیں، معاشرہ ان کے بغیر چل نہیں سکتا، ایک پاکستانی شہری کی زندگی ہمیں ہزاروں افغان شہریوں سے زیادہ مقدم ہے، ہمیں معلوم ہے ہم کس سے نمٹ رہے ہیں، یہ افغان نہیں ہیں انڈین پیسہ، انڈین مدد اور انڈیا کی حکمت عملی ہے، ان میں سے کچھ افغانوں کے پیچھے ہیں، ہم اپنے ملک اور اس کی حفاظت میں کسی چیز سے گریز نہیں کر سکتے، افغانستان سے درخواست ہے اپنی زمین کو ہمارے خلاف استعمال نہ ہونے دے۔ بی بی سی کو دیے گئے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہم ہمیشہ اس معاملے پر بالکل واضح رہے ہیں، یہ سیاستدانوں کا کام ہے کہ وہ آپس میں بات کریں، پاکستان کی مسلح افواج، پاکستان کی فوج کو برائے مہربانی سیاست میں ملوث نہ کیا جائے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے اس انٹرویو میں بلوچستان میں مبینہ جبری گمشدگیوں، فوج پر سیاست میں مداخلت کے الزامات سمیت انڈیا اور افغانستان سے متعلق کردار سے متعلق سوالات کے جواب دیے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ ہم سیاسی جماعتوں سے بات کرنے میں دلچسپی نہیں رکھتے، ہم پاکستان کی ریاست سے بات کرتے ہیں جو کہ آئین پاکستان کے تحت سیاسی جماعتوں سے مل کر بنی ہے، جو بھی حکومت ہوتی ہے وہی اس وقت کی ریاست ہوتی ہے اور افواج پاکستان اس ریاست کے تحت کام کرتی ہیں۔ جب ڈی جی آئی ایس پی آر سے یہ سوال کیا گیا کہ کیا وجہ ہے کہ ملک میں جب بھی سیاسی عدم استحکام پیدا ہو، فوجی قیادت کا ہی نام آتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ میرا خیال ہے کہ یہ سوال ان سیاستدانوں یا سیاسی قوتوں سے پوچھنا چاہیے جو اس کو متنازع بنانے کی کوشش کرتے ہیں یا اس معاملے کو ہی اصل مسئلہ بنا دیتے ہیں اور شاید یہ ان کی اپنی نااہلی یا اپنی کمزوریوں کی وجہ سے ہے جن کی طرف وہ توجہ نہیں دینا چاہتے ہیں۔ میں ان کے سیاسی مقاصد پر تبصرہ نہیں کروں گا، ہم صرف یہ درخواست کرتے ہیں کہ اپنی سیاست اپنے تک رکھیں اور پاکستان کی مسلح افواج کو اس سے دور رکھیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے سیاست میں مداخلت کے تاثر کو رد کیا ہے اور اسے سیاسی ایجنڈوں کو تقویت دینے کیلئے پھیلائی گئی افواہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اپنے سیاسی مقاصد کے لیے فوج کے خلاف بہت سی افواہیں اور مفروضے پھیلائے جاتے ہیں، یہاں تک کہ ایک افواہ یہ بھی تھی کہ فوج اپنا کام نہیں کرتی اور سیاست میں ملوث ہے لیکن جب معرکہ حق آیا تو کیا فوج نے اپنا کام کیا یا نہیں؟ کیا قوم کو کسی پہلو میں فوج کی کمی محسوس ہوئی؟ نہیں، بالکل نہیں، ہم اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں پر مکمل توجہ دیتے ہیں اور ہماری وابستگی پاکستان کے عوام کی علاقائی سالمیت اور خودمختاری اور پاکستانیوں کے تحفظ سے ہے، یہی وہ کام ہے جو فوج کرتی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت اجلاس، محرم الحرام کے حوالے سے اہم فیصلے

جلوس کے راستوں پر ایمبولینسز اور میڈیکل کیمپ فراہم کئے جائیں گے، شہر بھر میں صفائی کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت محرم الحرام کے سلسلے میں تیاریوں کے حوالے سے محکمہ صحت، ایف سی، صفا کوئٹہ اور دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ الگ الگ اجلاس منعقد ہوئے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، ڈی ایچ او کوئٹہ، ڈی ایس ایم کوئٹہ، صفا کوئٹہ اور ایف سی کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں محرم الحرام کے جلوسوں کے دوران سیکیورٹی، صفائی، اور طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ محکمہ صحت اور پی پی ایچ آئی کی جانب سے جلوس کے راستوں پر ایمبولینسز اور میڈیکل کیمپس فراہم کیے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 5 پر

جائیں گے، جہاں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور ضروری طبی سامان موجود ہوگا۔ صفا کوئٹہ کی جانب سے جلوس سے قبل تمام روٹس اور نالوں کی مکمل صفائی کی جائے گی جبکہ جلوسوں کے اختتام کے بعد سڑکوں کی دوبارہ صفائی کو یقینی بنایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے تمام اداروں کو ہدایت کی کہ محرم الحرام کے دوران شہریوں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی اور امن و امان کے قیام کو یقینی بنایا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 28 JUN 2025 Page No. 16

بلوچستان کے صارفین کیلئے رعایتی ٹیرف

عدالت عالیہ کے حکم کی روشنی میں سفارشات کابینہ کو بھجوا دیں

ایل پی جی پر سبسڈی اوگرا کا نہیں بلکہ وفاقی حکومت کا اختیار، بلوچستان کے منتخب نمائندے اس بابت کردار ادا کر سکتے ہیں، ممبر اوگرا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) اسلام آباد کے ممبر (گیس) زین العابدین نے کہا ہے کہ بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم کی روشنی میں تشکیل دی جانے والی کمیٹی کی صوبے کے صارفین کے لئے رعایتی ٹیرف بارے سفارشات کابینہ کو منظوری کے لئے پیش کی جا رہی ہیں، گیس اور ایل پی جی دونوں کا دروازہ بلوچستان ہے ایل پی جی مینوفیکچرنگ یونٹس پر کوئی پابندی نہیں ایل پی جی کی طلب، رسد اور اس پر سبسڈی اوگرا کا نہیں بلکہ وفاقی حکومت کا اختیار ہے بلوچستان کے منتخب نمائندے اس بابت کردار ادا کر سکتے ہیں، سوئی گیس کے مقابلے میں ایل پی جی میں توانائی کی مقدار بہت زیادہ ہے، افسوس ہم نے قدرتی گیس کا بہت بڑا قدرتی ذخیرہ چولہوں میں جلا کر ہوا میں اڑا دیا ہے کیونکہ چولہے میں گیس 20 فیصد سے زیادہ نہیں جلتا اور اس کا 80 فیصد ضائع ہو جاتا ہے، اوگرا بلوچستان کا ریجنل آفس تسلسل کے ساتھ صارفین کی شکایات کے لئے کھلی کچہری لگا لیا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران کے ساتھ منعقدہ اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب کوئٹہ غلام سرور براہی، اوگرا کے ریجنل ہیڈ مہر اللہ مری، ایل پی جی پلانٹس مالکان و ڈیلرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں و دیگر نے بھی شرکت کی۔ ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب کوئٹہ غلام سرور بروہی کا کہنا تھا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی سال 2022 سے اب تک نئے کنکشنز کے لئے صارفین سے میٹرز و دیگر کی فیس جمع کر رہی ہے مگر ناقص پالیسی کے سبب صارفین کو نئے کنکشنز نہیں دیئے جا رہے اگر کمپنی نئے کنکشنز نہیں دینا چاہتی تو درخواست گزاران کو ان کے رقوم واپس کرے۔ ایل پی جی پلانٹس اونرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے شکایت کی کہ 60 ہزار میٹرک ٹن ایل پی جی ایکسپورٹ کی جا رہی ہے مگر اس میں سے بلوچستان میں قائم 10 سے 14 ایل پی جی پلانٹس کو ایک ٹن بھی نہیں دی جاتی جو کہ مایوس کن اور قابل مذمت امر ہے بلوچستان کیلئے ایل پی جی کا کوٹہ مقرر کیا جائے۔ اوگرا اسلام آباد کے ممبر گیس زین العابدین کا کہنا تھا کہ ملک کی توانائی کا 40 فیصد حصہ قدرتی گیس سے پورا ہو رہا ہے جبکہ ایل پی جی کا ملکی توانائی ضروریات میں حصہ ڈیڑھ سے 2 فیصد تک ہے۔ ورلڈ بینک بھی اسے 4 سے پانچ فیصد تک کرنے کا کہہ رہا ہے مجھے افسوس ہے کہ ہم پاکستانیوں نے قدرتی گیس کا بہت بڑا ذخیرہ چولہوں میں جلا کر ہوا میں اڑا دیا کیونکہ چولہے گیس پائپ میں آنے والے گیس میں سے 20 فیصد ہی جلا پاتے ہیں جبکہ 80 فیصد ضائع ہو جاتا ہے۔

اقتصادی ترقی کیلئے پاکستان کیساتھ ملکر کام کر رہے ہیں، امریکی قونصل جنرل

نجی شعبے کے اشتراک سے کام جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں، حب میں امریکی پلانٹ کا دورہ

کوئٹہ (این این آئی) کراچی میں تعینات امریکی قونصل جنرل اسکاٹ اربام نے حال ہی میں حب، بلوچستان میں واقع پاکستان میں قائم امریکی کمپنی مونڈیلیز کے پلانٹس کا دورہ کیا۔ ڈیئر فیلڈ، الینوائے میں قائم ہیڈ کوارٹر رکھنے والی اس کمپنی نے پاکستان میں 1993 میں اپنا پلانٹ قائم کیا۔ آج 80 سے زائد امریکی کمپنیاں براہِ راست ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد پاکستانیوں کو ملازمت فراہم کر رہی ہیں۔ کمپنی پاکستان بھر میں 1100 سے زائد ملازمین کو روزگار فراہم کرتی ہے اور حب، بلوچستان میں دو پیداواری یونٹس کے ساتھ ملک بھر میں ایک مربوط تقسیم کار نظام رکھتی ہے۔ اس موقع پر قونصل جنرل نے کہا کہ امریکی کاروباری کمپنیاں طویل عرصے سے پاکستان میں سرمایہ کاری، روزگار کی فراہمی، مقامی صنعتوں کو تقویت دینے اور پائیدار اقتصادی تعلقات کے قیام میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ امریکہ پاکستان میں اقتصادی ترقی کے لیے نجی شعبے کے اشتراک سے کام جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔

دامن کوہ سلیمان، لسبیلہ، لورالائی، قلات، نصیر آباد میں شدید بارشوں کی پیشگوئی

کوئٹہ (خ ن) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق اگلے تین دنوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ کوہ سلیمان دامن، لسبیلہ، لورالائی، قلات، نصیر آباد میں شدید بارشوں کے امکانات ہیں اسی طرح سبی ڈویژن، لسبیلہ، حب، خضدار، رکھنی اور بارکھان میں لینڈ سلائیڈنگ بھی ہو سکتی ہے۔ جمعہ اور ہفتے کو صوبے کے بیشتر علاقوں میں موسم جزوی طور پر ابر آلود رہنے کا امکان ہے۔ جبکہ بارکھان، زیارت، ہرنائی کے اضلاع میں تیز ہوائیں چلنے کیساتھ بارش متوقع ہے۔ نصیر آباد، کچھی، قلات، خضدار، وڈھ، لسبیلہ، حب، ڈیرہ بگٹی، دکی، کوہلو، موسیٰ خیل، لورالائی، صحبت پور، جعفر آباد، اوستہ محمد، جھل مگسی اور کوئٹہ میں بھی ہلکی سے درمیانی بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اسی طرح مستونگ، ژوب، شیرانی، سوراب، قلعہ سیف اللہ، پنجگور اور اورماڑہ کے علاقوں میں دھند رہے گا۔ چاغی، نوکنڈی اور خاران کے اضلاع میں تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران لسبیلہ میں (3.4 ملی میٹر)، زیارت میں (5.03) اور دالبندین میں (0.01) ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ سب سے زیادہ درجہ حرارت سبی میں 46 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

گوادر: منشیات کیخلاف عالمی دن کی مناسبت سے واک

واک کا مقصد معاشرے میں نشے کیخلاف شعور اجاگر کرنا اور صحت مند زندگی کے پیغام کو عام کرنا تھا

گوادر (خ ن) ای ٹی او مقبول احمد بلوچ کی خصوصی ہدایت پر ایکسائز، ٹیکسیشن و اینٹی نارکوٹکس آفیسر گوادر کے زیر اہتمام 26 جون 2025 کو منشیات کے خلاف عالمی دن کی مناسبت سے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ اس واک کا مقصد نوجوان نسل کو منشیات جیسی خطرناک لعنت سے محفوظ رکھنا، معاشرے میں نشے کے مضر اثرات سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور صحت مند و خوشحال زندگی کے پیغام کو عام کرنا تھا۔ واک میں سرکاری افسران، طلبہ، اساتذہ، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور شہریوں کی نے شرکت کی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر منشیات کے خلاف نعرے اور آگاہی پیغامات درج تھے۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ منشیات نہ صرف فرد کی زندگی کو تباہ کرتی ہے بلکہ پورے معاشرے کو متاثر کرتی ہے، اس لیے اس کے خلاف اجتماعی جدوجہد کی ضرورت ہے۔ ای ٹی او مقبول احمد بلوچ نے عوام پر زور دیا کہ وہ منشیات کے خاتمے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں تاکہ ایک محفوظ، صحت مند اور نشہ سے پاک معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

llet No. 2 Dated: 28 JUN 2025 Page No. 17

مغوی مصور کاکڑ قتل، بازیاب نہ کرانے پر غمزدہ ہیں شاہد رند/اعتزاز گورایہ

نعش ساڑھے 7 ماہ بعد مستونگ اسپلنجی سے برآمد، 3 اغواء کاروں میں 2 افغانی بھی شامل تھے، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس

23 جون کو اسپلنجی میں ایک قبر کی نشاندہی پر بچے کی نعش ملی، تصدیق مصور کاکڑ کے والدین کے ڈی این اے کی میچنگ سے ہوئی ہے، ترجمان حکومت

محرم الحرام کے 7، 9 اور 10 ویں کے جلوس پر سیکورٹی یقینی، موبائل فون بند اور فضائی نگرانی بھی کی جائے گی، پریس کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ اعتزاز احمد گورایا نے کہا ہے کہ پولیس نے کوئٹہ سے اغواء ہونے والے مغوی مصور خان کاکڑ کی نعش ساڑھے 7 ماہ بعد مستونگ کے علاقے اسپلنجی سے برآمد کر لی نعش ڈی این اے ٹیسٹ کے بعد تصدیق ہونے پر ورثاء کے حوالے کردی گئی اغواء کاروں میں 2 افغانی بھی ملوث تھے اس میں سہولت کاری اور دیگر حوالوں سے کردار ادا کرنے والوں کو بھی گرفتار کیا گیا ہے گروہ کی نشاندہی ہو چکی ہے جنہیں گرفتار کر لیا جائے گا اغواء میں کالعدم تنظیم داعش ملوث تھی جو ہمسایہ ممالک افغانستان اور ایران سے رابطے کر رہے تھے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند کے ہمراہ ڈی آئی جی آفس میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر ایس ایس پی سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ ملک اصغر عثمان، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد بلوچ......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

، ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ، ایس ایس پی انویسٹی گیشن کوئٹہ محمد آصف خان سمیت دیگر بھی موجود تھے ڈی آئی جی اعتزاز گورایا نے کہا ہے کہ مصور خان کے اغواء میں ملوث 3 لوگوں میں 2 افغانی تھے 15 نومبر کو کوئٹہ سے مصور خان کو اغواء کیا گیا تھا پولیس نے اغواء کے فوراً بعد 17 نومبر کو اغواء میں ملوث گاڑی برآمد کر لی تھی اور بچے کی بحفاظت بازیابی کیلئے کارروائیاں شروع کر دی گئی تھی بچے کے اغواء کے خلاف اس کے اہلخانہ اور سیاسی جماعتوں کی جانب سے احتجاج شروع کیا گیا جس کے بعد حکومت اور سپریم کورٹ آف پاکستان، بلوچستان ہائیکورٹ کی جانب سے نوٹس لیا گیا تھا اور مصور خان کی بازیابی کیلئے جے آئی ٹی تشکیل دی گئی تھی اب تک 19 میٹنگز ہوئیں اس کے علاوہ پولیس نے گھروں کے سرچنگ، آپریشن اور کرایہ داری ایکٹ کے تحت کارروائی کرتے ہوئے 2000 رہائشی گھروں کو سرچ کیا گیا 1 ہزار سے زائد کیمروں کی سی سی ٹی وی فوٹیج دیکھی گئی جس میں کوئٹہ سیف سٹی اور پرائیویٹ کیمرے شامل تھے انہوں نے بتایا کہ واقعہ میں کالعدم تنظیم داعش ملوث پائی گئی 20 نومبر سے قبل ایک گھر پر چھاپہ مارا گیا چھاپے کے دوران دشت میں سی ٹی ڈی اور ایف سی نے آپریشن کیا اس موقع پر ایک شخص نے خود کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا جس میں ہماری اے پی سی تباہ اور گاڑی کو نقصان پہنچا جبکہ سی ٹی ڈی کے اہلکار بھی زخمی ہوئے انہوں نے بتایا کہ سرچ آپریشن کے دوران اسپلنجی میں ایک گھر پر جو داعش کا کیمپ تھا پر حملے کے بعد بچے کو شہید کیا گیا انہوں نے بتایا کہ جو لوگ اغواء میں ملوث تھے وہ خاندان کے ساتھ رابطے کیلئے افغانستان اور ایران کی سم استعمال کر رہے تھے پولیس نے معلومات کی روشنی میں جہاں بھی چھاپے مارے وہاں سے ملنے والے شواہد کی روشنی میں آگے کارروائیاں کی گئیں ان کارروائیوں میں وائی فائی ڈیٹا فراہم کرنے والے دکاندار گاڑی ٹھیک کرانے والے شوروم اور دیگر سہولت کاروں کو بھی حراست میں لیا گیا انہوں نے بتایا کہ آپریشن کے دوران مارے جانے والوں میں افغانی، عمران اور جواد کا نام سامنے آ رہا تھا جے آئی ٹی وزیر اعلیٰ اور متعلقہ پارٹی کو بھی آگاہ کرتے رہے جس شخص نے اسلحہ فراہم کیا تھا اس کو گرفتار کر لیا گیا اس کارروائیوں میں افغان اور ایران حکام نے بھی بھرپور تعاون کرتے ہوئے معلومات فراہم کیں 25 اور 26 اپریل کو دشت میں آپریشن کے دوران عمران رند مارا گیا جو سہیون اور کوئٹہ پولیس کو مختلف مقدمات میں مطلوب تھا ہم نے متعلقہ علاقوں میں فوج کی جانب سے آپریشن کے بعد دوبارہ سرچ آپریشن کیا جو اسپلنجی کا حساس اور خطرناک علاقہ ہے جس میں سی ٹی ڈی اور ایف سی کی جانب سے کارروائی کی گئی اور تقریباً 1 ماہ بعد 23 جون کو اسپلنجی کے علاقے سے ایک قبر کی نشاندہی پر بچے کی نعش ملی جو 2 سے ڈھائی ماہ پرانی تھی۔

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے 8 اضلاع میں دفعہ 144 نافذ

موٹر سائیکل کی ڈبل سواری، اسلحے کی نمائش اور 5 افراد سے زائد کے اجتماع پر پابندی

دکانیں، خیمے یا مکانات کرائے پر دینا بھی ممنوع، پابندی 10 محرم الحرام تک رہیگی

کوئٹہ (آن لائن) محرم الحرام کے دوران حکومت بلوچستان اور محکمہ داخلہ کی جانب سے امن وامان برقرار رکھنے کے لئے بلوچستان کے 8 اضلاع میں آج سے......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

دفعہ 144 کے تحت پابندی عائد کرتے ہوئے موٹر سائیکل کی ڈبل سواری، اسلحے کی نمائش اور 5 افراد سے زائد کے اجتماع پر پابندی عائد ہوگی۔ جن اضلاع میں کوئٹہ، سبی، نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور، کچھی، جھل مگسی، سبی اور اوستہ محمد شامل ہیں۔

سیاسی جماعتیں | عوامی مسائل

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 3 — Dated: 28 JUN 2025. — Page No. 18

معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت اور اساتذہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ڈاکٹر عبدالمالک

کمیونٹی ٹیچرز کو محکمہ تعلیم کے تحت لا کر ان کی خدمات کو تسلیم اور مستقبل کو محفوظ بنایا جائے، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے کمیونٹی ٹیچرز ایسوسی ایشن کے صدر امین خان میانی کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی۔ وفد نے کمیونٹی ٹیچرز کو درپیش مسائل، عدم مستقلی، کم تنخواہیں اور بنیادی سہولیات کی کمی کے متعلق آگاہ کیا۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے کمیونٹی ٹیچرز کے جائز مطالبات کی مکمل حمایت کی۔ انہوں نے کہا کہ کمیونٹی ٹیچرز برسوں سے اپنی خدمات تعلیم کے میدان میں انجام دے رہے ہیں، مگر بدقسمتی سے ان کی تنخواہیں حکومت کی مقررہ کردہ کم سے کم اجرت سے بھی کم ہیں، اور مستقل نہ ہونے کی وجہ سے وہ خود کو غیر محفوظ تصور کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت اور اساتذہ دونوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اور ان دونوں کو اپنے فرائض ایمانداری سے انجام دینے چاہئیں۔ نیشنل پارٹی اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ کمیونٹی ٹیچرز کو محکمہ تعلیم کے تحت لاکر نہ صرف ان کی خدمات کو تسلیم کیا جائے بلکہ ان کے مستقبل کو بھی محفوظ بنایا جائے۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر میر شاوس حاصل بزنجو، مرکزی ترجمان علی احمد لانگو، مرکزی خواتین سیکرٹری یاسمین لہڑی، ریاض زہری اور دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ جبکہ کمیونٹی ٹیچرز کے وفد میں ظفر اللہ، محمد الیاس، افتخار احمد اور مشتاق احمد شامل تھے۔

مصور خان کی لاش نے حکومتی دعوؤں کو بے نقاب کر دیا، مولانا واسع

لوگوں کا اغوا معمول بن چکا، حکومت بزدلی سے خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ مصور خان کی لاش نے حکومت کے جھوٹے دعووں کو بے نقاب کر دیا ہے، وعدوں، دعووں اور تسلیوں کا انجام ایک لاش کی صورت نکلا انصاف مانگنے والوں کو تحفظ نہیں لاشیں دی جا رہی ہیں، یہ قتل نہیں، حکومت کی رٹ کا عبرتناک انجام ہے، ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اغوا معمول بن چکا ہے حکومت بزدلی سے خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے بلوچستان میں ریاستی اختیار دفن ہو چکا ہے قاتل دندناتے پھر رہے ہیں، عوام خوف میں جی رہے ہیں۔

گرینڈ الائنس کی مرکزی قیادت سمیت 18 افراد سخت سیکورٹی میں مچ جیل منتقل

تمام افراد نظر بند ہیں، عام ملاقاتوں پر مکمل پابندی، صرف قریبی رشتہ دار ملاقات کر سکتے ہیں، جیل حکام

مچ (نامہ نگار) گرینڈ الائنس کی مرکزی قیادت سمیت 18 افراد کو سخت سیکیورٹی میں سینٹرل جیل مچ منتقل کر دیا گیا ہے جیل حکام کے مطابق یہ

بقیہ صفحہ 22

تمام افراد نظر بند ہیں اور ان کی عام ملاقاتوں پر مکمل پابندی عائد ہے، صرف قریبی رشتہ دار مخصوص اوقات میں ملاقات کر سکتے ہیں منتقل کیے گئے افراد میں گرینڈ الائنس کے چیئرمین پروفیسر عبدالقادوس سمیت نصیب الرحمن، غلام مصطفیٰ، منظور احمد، عصمت اللہ، عزت اللہ، محمد یعقوب، علی اصغر، در محمد، خادم علی، عبداللہ، امان اللہ، قمر الدین، عبد المالک، عبد الوہاب، محمد اقبال، محمد کریم اور علی بخش شامل ہیں سینٹرل جیل مچ کے منتظم کا کہنا ہے کہ نظر بند افراد سے برتاؤ جیل مینول کے مطابق کیا جا رہا ہے اور ان پر کسی قسم کے تشدد یا گرم اور ناقابل برداشت جگہوں پر رکھنے کا تاثر درست نہیں بلکہ بے بنیاد الزام ہے۔ تمام افراد کو خوراک، پانی، ادویات اور دیگر بنیادی سہولیات باقاعدگی سے فراہم کی جا رہی ہیں واضح رہے کہ مذکورہ افراد کو گرینڈ الائنس کی حالیہ احتجاجی تحریک کے دوران حراست میں لیا گیا تھا، جنہیں بعد ازاں مچ جیل منتقل کیا گیا

انتظامیہ کی مکمل ناکامی ایک معصوم بچے کے قتل کا سبب بنی، پشتونخوا میپ

ملزمان کی گرفتاری اور قرار واقعی سزا گھر، خاندان، قبیلے اور تمام پشتونوں کے لیے اطمینان کا باعث ہوگی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں مصور خان کاکڑ کے اغواء اور قتل پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پاکستان کی سول وملٹری ایجنسیاں اتنی کمزور اور نااہل نہیں کہ انہیں یہ معلوم نہ ہو سکے کہ مصور کاکڑ کے اغواء کار اور قتل میں ملوث ملزمان کون ہیں۔ گزشتہ 7 ماہ سے مغوی مصور کاکڑ کی عدم بازیابی دراصل حکومت کی ناکامی اور لاپرواہی کو ثابت کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مسلط حکومت کے وعدے اور انتظامیہ کی مکمل ناکامی ایک معصوم بچے مصور خان کاکڑ کے قتل کا سبب بنی۔ اب اس کا مداوا اور خاندان کی تسلی یہ ہوگی کہ ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے انہیں قرار واقعی سزا دی جائے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پشتون قومی تحریک کے رہبر پارٹی کی حیثیت سے حساب کریگی اور ملزمان کی گرفتاری اور قرار واقعی سزا گھر، خاندان، قبیل اور تمام پشتونوں کے لیے اطمینان کے باعث ہوگی۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں فارم 47 کے نام نہاد حکومت کو اس کی ذمہ دار گردانتی ہے۔ اور پارٹی خاندان کے مشورے سے ذمہ داریاں نبھانے کے لیے تیار ہوگی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مصور خان کی دلخراش بہیمانہ قتل پر پارٹی ان کے اس غم میں برابر کی شریک ہے اور شہید مصور خان کے تمام خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتی ہے۔

حکومت اور وزراء گرینڈ الائنس کے قائدین سے کیے وعدوں سے مکر گئے، فپواسا

تمام اسیروں کو فوری رہا، وعدے کے مطابق بجٹ، تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ کیا جائے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) فپواسا بلوچستان چیپٹر واکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے صدر پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، جنرل سیکرٹری فرید خان اچکزئی، نائب صدر ڈاکٹر شبیر احمد شاہوانی، جوائنٹ سیکرٹری میڈم زہرا ملغانی، پریس سیکرٹری رحمت اللہ اچکزئی، فنانس سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر صاحبزادہ باز محمد کاکڑ اور ایگزیکٹو ممبران ارباب رضا کاسی، میڈم فرحانہ عمر مگسی، ڈاکٹر محب اللہ کاکڑ، ڈاکٹر گل محمد بلوچ اور پروفیسر مسعود مندوخیل نے کہا کہ صوبائی حکومت اور وعدہ خلاف وزراء بلوچستان گرینڈ الائنس کے قائدین سے 17 جون کو کیے گئے وعدوں جس میں صوبے کے تمام سرکاری ملازمین کو 30 فیصد ڈسپیریٹی الاؤنس، صوبے کی یونیورسٹیوں کو تنخواہوں و پنشنز کی مد میں 11 ارب روپے دینے اور یونیورسٹیوں کے منظور شدہ الاؤنسز کے غیر قانونی نوٹیفکیشن کو واپس لینے اور مہنگائی کی شرح سے تنخواہوں میں اضافے کی بجائے بلوچستان یونیورسٹی کے ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر شاہ علی بگٹی، آفیسرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین نذیر لہڑی جنرل سیکرٹری نعمت اللہ کاکڑ جوائنٹ سیکریٹری شاہ بابر کو غیر قانونی طور پر گرفتار کرنا دراصل ملازمین دشمنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے پہلے بلوچستان گرینڈ الائنس کے مرکزی آرگنائزر پروفیسر قدوس کاکڑ، جنرل سیکرٹری اصغر بنگلزئی کو مذاکرات پر بلا کر دھوکہ دہی سے درجنوں ساتھیوں سمیت گرفتار کر کے وعدہ خلافی اور دھوکہ دہی کی انتہا کر دی۔ بیان میں واضح کیا کہ ایک طرف بلوچستان یونیورسٹی اساتذہ کرام اور آفیسران اب تک مئی کے مہینے کی تنخواہ اور پینشنز سے محروم ہیں بلکہ پچھلے سال کے سالانہ بجٹ میں حکومت کی جانب اضافہ شدہ تنخواہ سمیت پنشن سے بھی محروم رکھے گئے ہیں لیکن اس سخت مالی بحران کے باوجود صوبائی حکومت نے اپنے سالانہ بجٹ میں سے ایک بار پھر قصداً یونیورسٹیوں کی بجٹ میں وعدے کے مطابق 11 ارب روپے نا رکھ کر یونیورسٹیوں کو مذید مالی بحران میں دھکیلا جس کے خلاف یونیورسٹیوں کے اساتذہ کرام اور ملازمین نے دیگر سرکاری ملازمین کے ساتھ بلوچستان گرینڈ الائنس کی پلیٹ فارم سے بھرپور آواز اٹھائی اور اٹھاتی رہیگی۔ انہوں نے تمام غیر قانونی طور پر گرفتار قائدین و ملازمین کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے پرزور مطالبہ کیا کہ ان تمام کو فوری طور پر رہا کیا جائے اور صوبائی حکومت وعدے کے مطابق بجٹ اور تنخواہوں اور پنشنز میں اضافہ کریں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اساتذہ اور ملازمین کے جائز حقوق کے لئے جدوجہد جاری رکھی جائے گی اور کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 28 JUN 2025

Page No. 19

حکومت سرکاری ملازمین کے مسائل پر سنجیدگی سے غور کرے، نیشنل پارٹی

مہنگائی میں بڑے پیمانے پر اضافہ کے باعث ملازمین سمیت ہر طبقہ فکر کے لوگ مشکلات سے دوچار ہیں، اسلم بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صدر اسلم بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت کو چاہیے کہ سرکاری ملازمین کے مسائل پر سنجیدگی سے غور کرے کیونکہ مہنگائی مین بڑے پیمانہ پر اضافہ ہوا ہے جس کے باعث ملازمین سمیت ہر طبقہ فکر کے لوگ مشکلات سے دوچار ہیں کرپشن لوٹ مار چوری ڈکیتیوں میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے، حکومت ملازمین کے مسائل سے روگردانی کرتے ہوئے ان پر بدترین تشدد کے بعد جیلوں میں بند کر رکھا ہے جو آمرانہ رویہ ہے جس سے اجتناب کیا جائے اور ملازمین کے مسائل پر سنجیدہ غور کیا جائے تمام گرفتار ملازمین کو رہا کیا جائے۔

مصور کاکڑ کی شہادت صوبائی حکومت اور اداروں کی ناکامی کا ثبوت ہے، امان اللہ کنرانی

حکومت و انتظامیہ ایسے واقعات سے بری الذمہ نہیں ہوسکتی، ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، بیان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ مصور کاکڑ کی شہادت کا واقعہ صوبائی حکومت اور ذمہ دار اداروں کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کے قلب سے سات ماہ قبل ایک معصوم بچے مصور خان کاکڑ کا دن دہاڑے اغواء اور کامیابی سے کمین گاہ تک پہنچا دیا جانا اور حکومت کی اس کو بازیاب کرنے میں بے بسی یہ ساری علامات شہر میں بالعموم و صوبے بھر میں بالخصوص حکومت کی کمزور گرفت کی علامت ہیں اس اندوہناک واقعے کے بعد آج ان کی میت کی شناخت کے بعد اس کی لاش کی اطلاع ان کے ورثاء تک پہنچانا ایک کہرام و قیامت صغراء برپا کرنے کی مانند ہے حکومت و انتظامیہ ایسے تمام لاقانونیت کے واقعات سے بری الذمہ نہیں ہوسکتی۔ ایسی ناکام حکومت کو صوبے کے دو تہائی بجٹ ساڑے 666 ارب روپے شیر مادر کے طور پر حوالے کرنا لوگوں کی زندگیاں آسان کرنے کی بجائے ان کے چراغ گل کرنے کا باعث بن رہی ہیں۔ ایسی حکومتوں کا وجود عوام پر بوجھ و پریشانیوں میں اضافے کا سبب ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مصور کاکڑ شہید کے ورثاء سے ہمدردی و حکومت کی مذمت اور اس میں ملوث ملزموں کو جلد یا بدیر قانون کے شکنجے میں لانے اور کیفر کردار پہنچانے کے لئے موثر اقدام کا مطالبہ کرتے ہیں۔

کوئٹہ کے بازار آج 4 بجے بند، مصور کاکڑ کی شہادت پر علامتی احتجاج ہوگا، تاجران

شہید کی نماز جنازہ آج شام چھ بجے ہاکی گراؤنڈ کوئٹہ میں ادا کی جائیگی، شہید کے اہل خانہ اور تاجر رہنماؤں کی گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مصور خان کاکڑ شہید کی نماز جنازہ آج شام کو چھ بجے ہاکی گراؤنڈ کوئٹہ میں ادا کی جائے گی۔ آل پارٹیز و تاجر تنظیموں کے رہنماؤں اور مصور کاکڑ شہید کے اہلخانہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آل پارٹیز میں شامل جماعتوں اور انجمن تاجران کا اجلاس منعقد ہوا جس میں صورتحال پر غور و خوض کیا گیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نصراللہ زیرے، رشید خان ناصر، مولوی کمال الدین، حاجی ملنگ کاکڑ، نصیب اللہ کاکڑ، غلام نبی مری، چنگیز حئی بلوچ، مولوی عبدالقادر لونی، رضا ہزارہ، ایوب مریانی اور عبدالرحیم کاکڑ نے کہا کہ کوئٹہ کے تاجر ہفتہ کو شام چار بجے بازار بند کر کے اس بہیمانہ قتل کے واقعہ کے خلاف ٹوکن احتجاج ریکارڈ کرائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پولیس اور دوسرے سیکورٹی ادارے مصور کاکڑ کو بازیاب کرانے میں مکمل طور ناکام ہوئے اور اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کیں۔ صرف وعدوں اور تسلیوں پر گزارہ کر رہے تھے۔ اغواء کاروں کے خلاف اور مصور کاکڑ کی بازیابی کیلئے کوئی موثر کاروائی نہیں کی۔ اور آج مصور کاکڑ کی لاش ملی یہ انتہائی دردناک واقعہ ہے۔ جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ اس وقت کوئٹہ شہر سمیت پورے صوبے میں لاقانونیت ہے امن وامان کی صورتحال خراب ہے اور لوگ عدم تحفظ کا شکار ہے حکومت اور سیکورٹی ادارے اغواء کاروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارواۂ کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اپنے وعدے کی پاسداری نہیں کی اور اپنے وعدے میں ناکام رہے اس لئے وہ فوری طور پر مستعفی ہو جائیں۔ انہوں نے کہا کہ مصور کاکڑ کی نماز جنازہ ہفتہ کی شام 6 بجے ہاکی گراؤنڈ میں ادا کی جائے گی اور انہیں کاسی قبرستان میں سپرد خاک کیا جائیگا۔ فاتحہ خوانی تین روز تک ایوب اسٹیڈیم کی مرکزی جامع مسجد میں ہوگی۔

مصور کاکڑ کی لاش ریاست کے منہ پر طمانچہ ہے، اصغر اچکزئی

والدین نے بچے کی زندگی کی بھیک مانگی حکمرانوں نے لاش تھمادی، بیان

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے معصوم طالب علم مصور خان کاکڑ کی 8 ماہ بعد مسخ شدہ لاش ملنے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم مصور کاکڑ کی لاش حکومت اور ریاست کے منہ پر طمانچہ ہے 10 روز کی مہلت مانگنے والا وزیر اعلیٰ اس معصوم کی مسخ شدہ لاش ملنے پر والدین کو کیا تسلی دے گا۔ والدین نے بچے کی زندگی کی بھیک مانگی حکمرانوں نے لاش تھمادی جو حکومت عوام کی جان و مال کی تحفظ کو یقینی نہیں بنا سکتے وہ حق حکمرانی نہیں رکھتے بلوچستان اغوا کاروں ڈیتھ سکواڈ قبضہ مافیا منشیات فروشوں کیلئے محفوظ جنت ہے۔ معصوم مصور کاکڑ کی لاش ایک بچے کی نہیں اس بے حس سوسائٹی کی موت ہے حکمرانوں میں ذرا برابر بھی اگر اخلاقی جرات ہے تو وہ فوراً مستعفی ہو جاتے چونکہ خود اس کرب سے گزرا ہوں لہذا دکھ درد کی اس گھڑی میں لواحقین کے ساتھ برابر کا شریک ہوں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کمسن طالب علم کے قتل کو انسانیت کے قتل سے تعبیر کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اور ریاست کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ عوام الناس کی جان و مال کی تحفظ کو یقینی بنائے ایسا نہ کرنے پر وہ حق حکمرانی نہیں رکھتے۔ عوامی نیشنل پارٹی چونکہ خود اس درد کرب سے گزری ہے لہذا مصور خان کاکڑ کی لواحقین کیساتھ دکھ درد کی اس گھڑی میں برابر کے شریک ہے اور حکومت سے اس شرمناک واقعہ پر فوری مستعفی ہونے کا مطالبہ کرتے ہیں۔

ملازمین کے بنیادی حقوق کی پامالی قبول نہیں، جمعیت

جائز مطالبات تسلیم کر کے گرفتار ملازمین کو فوری رہا کیا جائے، مولانا شرودی و دیگر

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا سعید احمد مولانا مفتی عبدالباقی بڑیچ مولانا محمد اکبر مینگل مولانا مفتی محمد رضا خان مولانا محمد عثمان پرکانی مولانا حافظ احمد جان ساسولی مولانا قاری نظر محمد حقانی مولانا حاجی محمد عسی مولانا عبدالمجید امین جان رند ملک روز الدین کاکڑ نصیب اللہ اغا ایڈووکیٹ عبدالباری شہزاد اور حافظ حبیب الرحمن نے مشترکہ بیان میں کہا کہ جمعیت علمائے اسلام کوئٹہ، صوبہ بھر میں اساتذہ اور دیگر سرکاری ملازمین کو درپیش مشکلات، خصوصاً "ڈسپیرٹی ریڈکشن الاؤنس" (DRA) میں اضافے کے مطالبے اور قائدین کی گرفتاریوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

let No. 3 Dated: 28 JUN 2025 Page No. 20

مصور خان کی شہادت عظیم سانحہ ہے، مولانا قادر لونی

وزیر اعلیٰ نے احتجاج کے وقت بازیابی کا جو وعدہ کیا تھا پورا نہ کرنا حکومت کی ناکامی ہے

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین ، مرکزی نائب امیر مولانا عبدلرؤف ،سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الھدی، مرکزی ڈپٹی جنرل سکرٹری نجم خان ایڈووکیٹ، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی ،مرکزی ناظم دوئم قاری مہراللہ، .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی ،مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے مصور خان کی شہادت پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہید مصور خان کی شہادت صوبائی حکومت، عدلیہ اور اداروں کی منہ پر طمانچہ ہے وزیر اعلی، عدلیہ اور اداروں نے احتجاج کے وقت بازیابی کا جو وعدہ کیا تھا پھر بھی ان کو اپنا وعدہ یاد ہوا۔ انہوں نے مصور خان شہید کی بازیابی کے لیے کوئی آپریشن کی۔ بلوچستان میں اب جینے کا حق بھی نہیں دے رہا ہے اداروں کی سرپرستی میں اغوا کاری اور بھتہ سب سے بڑی منافع بخش کاروبار بن چکا ہے مال نہ دینے کی پاداش میں عوام کو جان سے ہاتھ دھونے پڑرہے ہیں انہوں نے کہا کہ اغوا برائے تاوان اور قتل اور وحشت ناک واقعات پر صوبائی حکومت اور اداروں کا کیا کردار رہا۔ ریاست کی ظلم پر خاموشی میں ہم جرام سب برابر کے شریک ہیں انہوں نے کہا کہ عوام اغوا کاروں اور ڈاکوں کے ہاتھوں یرغمال بنا ہوا ہے بلوچستان نوگو ایریا بن چکے ہیں عوام غیر محفوظ اور یہاں پر جنگل کا قانون نافذ ہے بلوچستان میں اغوا کاریاں، مسخ شدہ لاشیں، مسنگ فرسنز اور مزدوروں کی قتل عام کا مسئلہ درحقیقت انسانی حقوق کا مسئلہ ہے انسانی حقوق کی ادارے نوٹس لیے آمرانہ دور کے بعد سول حکومتوں میں بھی یہ سلسلہ جاری ہےحکومت نے عوام کو اغوا کاروں اور بھتہ خوروں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کے اربوں روپے امن وامان کے نام پر خرچ ہونے کے باوجود اغوا برائے تاوان قتل وغارت گری دہشتگردی حکومت انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے ہر چند کلومیٹر پر چیک پوسٹیں قائم ہیں ان کی موجودگی میں لوگوں کا اغوا اور قتل ہو جانا ایک سوالیہ نشان ہے آئے روز اغوا کاری دہشت گردی، اندوہناک اور وحشتناک واقعات میں قوم اپنے پیاروں کی جنازوں سے تھک کر ہار چکے ہیں۔

میر عطاء الرحمان مینگل کے قتل کے مقدمے میں سردار اختر مینگل نامزد

ایف آئی آر میں میر اسد اللہ مینگل، میر گورگین مینگل سمیت وڈھ سے تعلق رکھنے والے 6 افراد کے نام بھی شامل

ایف آئی آر محمد جان نامی شخص کی مدعیت میں لیویز تھانہ وڈھ میں درج کی گئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں مینگل قبیلے سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیت میر عطا الرحمان مینگل کے قتل کی ایف آئی آر درج کرلی گئی، مقدمے میں .... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

مینگل قبیلے کے سربراہ اسداللہ مینگل اور بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل کے بیٹے میر گورگین مینگل سمیت ضلع خضدار کے علاقے وڈھ سے تعلق رکھنے والے چھ افراد کو نامزد کیا گیا ہے

مصور خان کاکڑ کی مسخ شدہ لاش نظام کی ناکامی ثبوت ، ہدایت الرحمان

ایک نو سالہ معصوم بچہ آٹھ ماہ تک کہاں تھا؟ اور اس دوران حکومت کہاں سوئی ہوئی تھی؟

اگر ادارے محض رسمی بیانات دینے کی بجائے سنجیدگی سے کام کرتے تو آج مصور زندہ ہوتا

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، جنرل سیکرٹری مرتضی خان کاکڑ نے کہا کہ کوئٹہ سے آٹھ ماہ قبل اغواء کیے گئے نو سالہ مصور خان کاکڑ کی مسخ شدہ لاش کا مستونگ سے برآمد ہونا ایک ایسا دل دہلا د......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

ینے والا واقعہ ہے جو نہ صرف انسانی ضمیر کو جھنجوڑ دیتا ہے بلکہ حکومتی اداروں اور قانون نافذ کرنے والے نظام کی مکمل ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہم اس سفاک اور غیر انسانی ظلم کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور یہ سوال کرتے ہیں کہ ایک معصوم بچہ آٹھ ماہ تک کہاں تھا؟ اور ریاست جو ہر شہری کی جان و مال کی محافظ ہونے کی دعوے دار ہے، کہاں سوئی ہوئی تھی؟ کیا بلوچستان میں بچوں کی جان کی کوئی قیمت نہیں؟ کیا ریاست صرف طاقت کے استعمال کے لیے ہے، نہ کہ تحفظ فراہم کرنے کے لیے؟ یہ مجرمانہ غفلت نہیں بلکہ شراکتِ جرم ہے۔ جو ادارے عوام کے ٹیکس پر چلتے ہیں

CamScanner

کوئٹہ: سات ماہ قبل اغواء ہونیوالے 10 سالہ مصور کاکڑ کی ناقابل شناخت لاش برآمد

پٹیل باغ سے ساڑھے سات ماہ قبل اغوا کیا گیا، رہائی کیلئے اغواء کاروں نے 12 ملین ڈالر تاوان طلب کیا تھا

افسوس کہ تمام تر کوششوں کے باوجود بچے کو بحفاظت بازیاب نہ کرا سکے، ڈی آئی جی پولیس کی شاہد رند و دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ اعتزاز احمد گورایا نے کہا ہے کہ پٹیل باغ سے ساڑھے سات ماہ قبل اغوا ہونے والے جیولرز کے 10 سالہ بیٹے مصور خان کاکڑ کی لاش اسپلنجی سے برآمد ہوگئی لاش ناقابل شناخت تھی تاہم ڈی این اے رپورٹ میں تصدیق ہوئی شہید بچے کے اغوا میں کالعدم دہشت گرد تنظیم داعش ملوث ہے جس نے رہائی کیلئے ورثا سے 12 ملین ڈالر تاوان طلب کیا گیا تھا اغوا کار ہمسایہ ممالک افغانستان اور ایرانی نمبرز سے رابطے کرتے تھے حکومت بلوچستان کی جانب سے بچے کی بازیابی کے لئے جے آئی ٹی بنائی گئی تھی اغوا کاروں کے سہولت کاروں اسلحہ فراہم کرنے والے افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے جبکہ اغوا میں استعمال ہونے والی گاڑی گاہی خان چوک کے شوروم سے برآمد کر لیا ہمیں انتہائی افسوس ہے یہ شہید بچے کو باحفاظت بازیاب نہ کرا سکے مگر حکومت نے بازیابی کیلئے اپنے تمام وسائل بروئے کار لائی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو اپنے آفس میں حکومتی ترجمان شاہد رند ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ سمیع اللہ آغا' ایس ایس پی سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ ملک اصغر عثمان' ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ محمد بلوچ اور ایس ایس پی انوسٹی گیشن کوئٹہ محمد آصف خان کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال 15 نومبر کو پٹیل باغ ملتانی محلہ میں رہائش پذیر جیولرز راز محمد کے 10 سالہ طالب علم بیٹے مصور خان کاکڑ کو اغوا کاروں اس وقت اغوا کیا جب وہ اسکول جانے کیلئے اسکول وین میں بیٹھ رہا تھا انہوں نے کہا کہ بچے کے اغوا کا مقدمہ گوالمنڈی تھانے میں درج کیا ورثا' سیاسی جماعتوں' تاجر تنظیموں نے احتجاج کیا جس کے بعد حکومت اور سپریم کورٹ آف پاکستان، بلوچستان ہائیکورٹ کی جانب سے نوٹس لیا گیا جبکہ حکومت نے ایڈیشنل آئی جی کی سربراہی میں جے آئی ٹی بھی بنائی تاہم کوئٹہ پولیس اور سی ٹی ڈی نے بچے کی بازیابی کیلئے کوشش تیز کیا اور دو روز بعد ہی اغوا میں استعمال ہونے والی گاڑی گاہی خان چوک پر واقعہ ایک شوروم سے برآمد کر کے شوروم کے مالک گرفتار کیا انہوں نے بتایا کہ اب تک جے آئی ٹی کی 19 میٹنگز ہوئیں پولیس نے کرایہ داری ایکٹ کے تحت کارروائی کرتے ہوئے 2000 رہائشی گھروں کو سرچ کیا گیا 1 ہزار سے زائد کیمروں کی سی سی ٹی وی فوٹیج دیکھی گئی جس میں کوئٹہ سیف سٹی اور پرائیویٹ کیمرے شامل تھے۔ واقعے میں کالعدم تنظیم داعش ملوث پائی گئی۔ 20 نومبر کو ایک گھر کی نشاندہی ہوئی وہاں چھاپے سے قبل ہی اغوا کار گھر چھوڑ کر فرار ہو گئے تھے، کرایہ داری ایکٹ کے تحت مکان مالک کو گرفتار کیا۔ 22 نومبر کو دوسرے گھر کی اطلاع ملی۔ چھاپے میں اس گھر سے کچھ تصویریں اور شواہد ملے۔ علاقے کے لوگوں سے پتہ چلا کہ دو اغوا کار عمران اور جواد افغانی اور طیب شاہ باجوڑ کا تھا۔ تحقیقات میں معلوم ہوا کہ اغوا کاروں کو اسلحہ سپلائی کرنے والا شخص گلستان میں ہے جسے گرفتار کر لیا گیا۔ خفیہ اطلاع پر دشت کے علاقے کلی منیر میں سی ٹی ڈی اور ایف سی نے آپریشن کیا تو وہاں موجود ایک دہشت گرد عمران رند نے خود کو اڑا لیا یہ شخص سیہون واقعے میں بھی ملوث تھا اور کوئٹہ پولیس کو دہشت گردی کے واقعات میں بھی مطلوب تھا۔ ایک دہشت گرد کو مار دیا گیا واقعے میں سی ٹی ڈی کچھ جوان بھی زخمی ہوئے۔ اغوا کاروں نے بچے کی رہائی کیلئے ورثاء سے 12 بلین ڈالر تاوان طلب کیا تھا اور ورثاء سے رابطے کیلئے افغانستانی اور ایرانی سم استعمال کر رہے تھے۔ ان کارروائیوں میں افغانی اور ایرانی حکام نے بھی بھرپور تعاون کرتے ہوئے معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے بتایا کہ اسپلنجی میں داعش کیمپ پر حملے کے بعد اغوا کاروں نے بچے کو شہید کر کے دفنا دیا تھا۔ اس کی قبر کی تلاش میں بھی بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ایک ماہ کی جدوجہد کے بعد قبر کی نشاندہی ہوئی اور لاش نکال کر کوئٹہ منتقل کی گئی۔

ہزار گنجی میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر کریکر حملہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ہزار گنجی میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر کریکر حملے کی کوشش خالی میدان میں گر کر پھٹ گیا تاہم کوئی نقصان نہیں ہوا پولیس کے مطابق ہزار گنجی میں واقعہ سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر جمعہ کی شب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے کریکر بم پھینک کر فرار ہو گئے بم خالی میدان میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم کوئی نقصان نہیں ہوا اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔

ہوائی فائرنگ نے ایک اور بچی کی جان لے لی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ہوائی فائرنگ نے ایک اور بچی کی جان لے لی چالو باوڑی میں اندھی گولی سے زخمی ہونے والی 7 سالہ بچی نبیہہ کراچی میں چل بسی پولیس کے مطابق چالو باوڑی میں رہائش پذیر روح اللہ کی سات سالہ بچی 22 جون کو گھر کے صحن میں کھیل رہی تھی کہ اندھی گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگئی۔ سول ہسپتال میں طبی امداد کے بعد بچی کو کراچی منتقل کر دیا تھا جہاں نجی ہسپتال میں زیر علاج تھی گزشتہ روز زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئی واضح رہے کہ کوئٹہ میں ہوائی فائرنگ پر پابندی کے باجود ہوائی فائرنگ کا سلسلہ بدستور جاری ہے جس کے باعث کئی قیمتی جانوں کا ضائع ہو چکا جبکہ کئی معذور ہو گئے۔

تربت، فائرنگ کے مختلف واقعات دو افراد جاں بحق، ایک زخمی

تربت (نمائندہ جنگ) تربت میں فائرنگ کے تین الگ الگ واقعات میں دو افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ ایک شخص زخمی ہو گیا۔ پہلا واقعہ کوشقلات کے علاقے میں پیش آیا جہاں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے شئے حق ولد عابد جان بحق ہو گئے۔ مقتول کا تعلق الندور بلیدہ سے بتایا جاتا ہے۔ دوسرا واقعہ تمپ کے آسیا آباد علاقے میں پیش آیا جہاں نامعلوم افراد نے قائم ولد محمد حیات کو اغواء کرنے کے بعد فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ تیسرا واقعہ میناز بلیدہ میں پیش آیا جہاں عبداللہ ولد نور بخش پر فائرنگ کی گئی، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گئے۔ انہیں طبی امداد کے لیے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا۔ ان واقعات کی وجوہات تاحال معلوم نہیں ہو سکیں۔

MASHRIQ QUETTA

منگچر، کلی دینگانزئی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ' 1 شخص جاں بحق

مقتول کی شناخت جنگ جرگہ کونسل کے ترجمان مولانا علی حسن جنگ کے نام سے ہوئی' لیویز ذرائع

منگچر (آن لائن) منگچر کلی دینگانزئی ایریا میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق لیویز ذرائع' منگچر میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جان بحق لیویز ذرائع کے مطابق آج سہ پہر کے وقت نامعلوم افراد نے کلی دینگانزئی منگچر ایریا میں آتشیں اسلحہ سے فائرنگ کر کے جنگ جرگہ کونسل پاکستان ضلع کوئٹہ کے ترجمان مولانا علی حسن جنگ.......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کو ہلاک کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے نعش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے مزید تفتیش مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

حب شہر سے ایک شخص کی نعش برآمد

حب (نمائندہ انتخاب) حب شہر سے ایک شخص کی نعش برآمد شناخت کیلئے اسپتال منتقل کر دیا گیا اس حوالے سے ایدھی ریسکیو ذرائع کے مطابق ایک اطلاع پر ایدھی رضا کاروں نے گزشتہ روز گڈانی بس اسٹاپ کے قریب حب نالہ سے 40 سالہ ایک شخص کی نعش برآمد کر کے شناخت کیلئے حب اسپتال کر دی تاہم شناخت نہ ہونے کے سبب متوفی کی نعش ایدھی سرد خانہ سہراب گوٹھ کراچی منتقل کر دیا گیا متوفی نشے کے عادی بتایا جاتا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 28 JUN 2025 Page No. 22

دریجی، ساکران کے مختلف علاقوں میں بارش، نشیبی علاقے زیرآب آگئے

جمعرات کی شب سے بارش کا سلسلہ شروع ہوا جو جمعہ کے روز دن بھر جاری رہا، بجلی معطل ہو گئی

علاقہ مکینوں، راگیروں، موٹر سائیکل سواروں کو دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا، گرمی کا زور ٹوٹ گیا

حب (نمائندہ مشرق) حب، دریجی اور ساکران کے مختلف علاقوں میں بارش، نشیبی علاقے زیرآب آگئے، پیدل چلنے والے راگیروں اور موٹر سائیکل سواروں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، بارش شروع ہوتے ہی حب شہر کی بجلی معطل ہو کر رہ گئی موسلا دھار بارش کے نتیجے میں حب، دریجی اور ساکران میں جاری گرمی کا زور بھی ٹوٹ گیا، شہریوں کو کچھ راحت دی تفصیلات کے مطابق ضلع حب کے علاقے دریجی، ساکران، بھوانی، پیرکس، سمیت دیگر علاقوں میں جمعرات کی شب سے بارش کا سلسلہ شروع جو جمعہ کے روز تک دن بھر جاری رہا جس کے باعث شہر کے نشیبی علاقے زیرآب آگئے، بارش شروع ہوتے ہی حب شہر کی بجلی معطل ہو کر رہ گئی، بارشوں کی وجہ سے علاقہ مکینوں اور راگیروں، موٹر سائیکل سواروں کو کافی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا جبکہ دوسری جانب بارش کے باعث حب شہر میں پڑنے والی گرمی کا زور ٹوٹ گیا شہریوں کو کچھ راحت دی جس سے ان میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

INTEKHAB QUETTA

خضدار سٹی میں قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، عوامی حلقے

شہر میں کوئی ٹریفک پلان نہیں، ٹریفک جام کا باعث بننے والے اہم عنصر لاپرواہ پارکنگ ہے، گفتگو

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار سٹی میں وسیع و عریض اور منصوبہ بندی اور قوانین پر عمل درآمد کی ضرورت ہے ٹریفک کو موثر بنانے کیلئے سڑکوں میں ٹریفک پولیس کی نظام کو بہتر کرنا ہے اور خضدار شہر میں اس وجوہات کی بناء پر ٹریفک کی نظام درہم برہم ہے تاہم اس کی بنیادی وجہ شہر میں ناقص انتظامات ہیں صبح کے اوقات دیہاتوں سے شہر میں داخل ہونے والے گاڑیاں ٹریفک کیلئے بدتر بن جاتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار خضدار کے عوامی وسیاسی حلقوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انکا کہنا ہے کہ خضدار شہر کیلئے کوئی ٹریفک پلان ترتیب نہیں دیا گیا ہے خضدار شہر میں ٹریفک کے روانی برقرار رکھنے کیلئے کوئی پلان دیکھائی نہیں دے رہا ہے شہر میں گاڑیوں کی رفتار کو آہستہ ٹریفک جام کا باعث بنے والے اہم عنصر لاپرواہ پارکنگ ہے۔ لوگ پاپرواہی سے اپنی گاڑیاں بھیڑ والی سڑکوں کے کناروں پر پارک کرتے ہیں خضدار شہر میں ٹریفک جام ہونے کی وجہ سے شہریوں کو کافی پریشانی کا سامنا کرنا پڑرہا ہےخضدار شہر میں دو سے تین ٹریفک سارجنٹوں کو ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے تعینات کردیا گیا ہے جبکہ 14 لاکھ سے بھی زیادہ کے آبادی کے لئے چند ٹریفک سارجنٹ ناکافی ہیں خضدار شہر میں ٹریفک جام ہونے کی اصل وجہ غلط پارکنگ کئے ہوئے گاڑیوں کی وجہ سے ہوتے ہے گاڑی مالکان گاڑیاں کھڑی کر کے غائب ہو جاتے ہیں اور پیچھے عوام کو گھنٹوں تک ٹریفک جام میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے خضدار میں سڑکوں پر گاڑیوں کی تعداد میں خطرناک حد تک اضافہ ظاہر کرتا ہے شہر میں پبلک ٹرانسپورٹ کا کوئی فعال نظام نہیں ہے دوسری جانب جہاں فٹ پات دستیاب ہے وہاں دکانداروں اور موٹر سائیکل پارکنگ کیلئے غیر قانونی پارکنگ مافیا کا قبضہ ہے دکاندار تجاوزات کر کے انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے خضدار کے عوامی وسیاسی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی، ایس ایس پی پولیس خضدار شہزادہ عمر عباس بابر سے مطالبہ کیا ہے کہ خضدار میں ٹریفک کی صورت حال کا فوری جائزہ لیکر شہر میں ٹریفک پولیس کی نظام کو بہتر بنائے تا کہ لوگوں کو مزید آنے جانے میں دقت کا سامنا نہ ہو۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 28 JUN 2025 Page No. 23

غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہیں بند، ایک ہفتے میں شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے سرکاری تعلیمی اداروں میں مسلسل غیر حاضر رہنے والے اساتذہ کے خلاف سخت ایکشن لیتے ہوئے محکمہ تعلیم کو واضح ہدایات جاری کر دی ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ بغیر اطلاع کے غیر حاضر رہنے والے اساتذہ کو فوری طور پر شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں اور ان کی تنخواہیں بند کی جائیں۔ انہوں نے محکمہ تعلیم کو حکم دیا کہ فرائض میں غفلت برتنے والے اساتذہ اور عملے کی تفصیلات ایک ہفتے کے اندر اندر فراہم کی جائیں تاکہ ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ اگر متعلقہ اساتذہ اپنی غیر حاضری کی تسلی بخش وضاحت پیش نہ کر سکے تو ان کی جگہ نئے اساتذہ کو کنٹریکٹ بنیادوں پر بھرتی کیا جائے گا تاکہ تعلیمی نظام متاثر نہ ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی ملازم تنظیم یا ایسوسی ایشن کو تالہ بندی کی اجازت نہیں دی جائے گی، اور اگر کسی نے زبردستی دفاتر یا اسکولوں کو بند کرنے کی کوشش کی تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فیلڈ وزٹ کر کے ملازمین کی حاضری کو یقینی بنائیں اور ان کی کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی نئی نسل کو تعلیم سے محروم رکھنے کی کسی کوشش کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اور جو بھی سرکاری ملازم اپنے فرائض سے غفلت برتے گا، اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی بغیر اطلاع کے غیر حاضر رہنے والے اساتذہ کو فوری طور پر شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں اور ان کی تنخواہیں بند کی جائیں۔ انہوں نے محکمہ تعلیم کو حکم دیا کہ فرائض میں غفلت برتنے والے اساتذہ اور عملے کی تفصیلات ایک ہفتے کے اندر اندر فراہم کی جائیں اگر متعلقہ اساتذہ اپنی غیر حاضری کی تسلی بخش وضاحت پیش نہ کر سکے تو ان کی جگہ نئے اساتذہ کو کنٹریکٹ بنیادوں پر بھرتی کیا جائے گا تاکہ تعلیمی نظام متاثر نہ ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی ملازم تنظیم یا ایسوسی ایشن کو تالہ بندی کی اجازت نہیں دی جائے گی زبردستی دفاتر یا اسکولوں کو بند کرنے کی کوشش کی تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ملازمین کی حاضری کو یقینی بنائیں اور ان کی کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے بلوچستان کی نئی نسل کو تعلیم سے محروم رکھنے کی کسی کوشش کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 28 JUN 2025 Page No. 24

عوام کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح!

گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت "صفا کوئٹہ پروگرام" کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ عوام کو سہولیات دینا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ شہر میں تجاوزات شہریوں کے لیے روزمرہ زندگی میں مشکلات کا باعث بن رہی ہیں۔ حکومت اس حوالے سے کسی قسم کی نرمی برتنے کا ارادہ نہیں رکھتی۔ انہوں نے ہدایت دی کہ نکاسی آب اور ٹریفک کے مسائل کو مستقل بنیادوں پر حل اور شہر کی خوبصورتی کے لیے عملی اقدامات کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کو ایک جدید، صاف اور منظم شہری سہولیات سے آراستہ ماڈل سٹی کے طور پر ڈھالنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ شہر میں تجاوزات کیخلاف موثر آپریشن کا آغاز کیا جائے گا۔

عوام کو سہولیات دینا حکومت کی اولین ترجیح ہونے سے متعلق وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا جلاس سے مذکورہ خطاب بلاشبہ عوام کی دادرسی کے لیے احسن اقدام ہے۔ کیونکہ عوام کو سہولیات کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ جہاں تک شہر میں تجاوزات کا روزمرہ میں زندگی میں مشکلات کا باعث بننے کی بات ہے تو اس سلسلے میں یہاں اس بات کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ یہ مسئلہ آج کا نہیں بلکہ بہت ہی پرانا ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس اہم مسئلے کو مستقل طور پر ختم کرنے کے لیے اقدامات نہیں کئے گئے صرف خانہ پری اور حاضر لگانے کی حد تک اقدامات کرنے سے یہ مسئلہ کبھی بھی حل نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ اس مسئلے کو جب بھی حل کرنے کی کوشش کی گئی اس میں سیاسی مداخلت کی گئی جو بلاشبہ ایک بڑی رکاوٹ ہے۔ جس سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوسکا۔ کوئٹہ شہر کی صفائی کا معاملہ بھی گھمبیر ہے۔ حکومت نے جو حالیہ صفائی کا ٹھیکہ جو ایک پرائیویٹ فرم کو دیا ہے گو کہ وہ کام کررہی ہے لیکن اس پر بھی بعض تحفظات ہیں جن کو دور کردینے سے اس کے کام میں مزید بہتری آسکے گی۔ اس لیے ان تحفظات کا خاتمہ ناگزیر ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

No. 6

Dated: 28 JUN 2025 Page No. 28

WB funds for Balochistan

The World Bank's recent approval of $194 million for two major development projects in Balochistan marks an important step in addressing the province's long-standing structural deficiencies. For a region that has historically been marginalized in national planning and disproportionately burdened by poverty, this level of investment is both timely and necessary. The financing will support two critical initiatives: the GRADES-Balochistan education programme and the Balochistan Water Security and Productivity Improvement Project. These projects target two of the most urgent crises facing the province — widespread learning poverty and acute water insecurity. Despite its rich mineral resources and strategic geographic location, Balochistan remains severely underdeveloped, with one of the lowest literacy rates and most fragile water infrastructures in the country. The GRADES initiative aims to equip children with foundational learning skills by improving access to quality education and addressing critical deficiencies in infrastructure and teacher availability. In many districts, especially rural areas, schools operate without basic facilities, and students suffer from both poor attendance and ineffective teaching methods. Education is not merely a provincial issue, it is a national concern that demands immediate and sustained attention. Equally dire is the state of water security. The province's water scarcity is not only an environmental challenge but a serious threat to livelihoods, agriculture, and public health. The new water project focuses on increasing efficiency in water use, rehabilitating outdated irrigation systems, and enhancing climate resilience — all vital goals in a region already on the frontlines of climate change. While the World Bank's renewed commitment to Balochistan is commendable, this funding must be matched by strict governance, transparency, and accountability. Pakistan's development landscape is littered with examples of well-intentioned aid lost to inefficiency and corruption. Without clear benchmarks, third-party oversight and consistent monitoring, even the most generous financing risks being squandered. It is now up to both federal and provincial governments to ensure that these funds are used for their intended purpose. The people of Balochistan do not need another promise — they need results. Schools must be built and staffed, canals repaired, and communities engaged in their own development. This investment can mark a turning point — but only if accompanied by political will, administrative discipline, and public oversight. Balochistan has waited far too long. The success or failure of these projects will send a clear signal: is the country finally ready to give Balochistan what it has always deserved?

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

llet No.__________ Dated: 28 JUN 2025 Page No.__________

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ ممکنہ مون سون بارشوں کے باعث حفاظتی اقدامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مشیر محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے شہزاد احمد اور ذوالفقار درانی ملاقات کررہے ہیں

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی تعمیر نو سارٹ آڈیٹوریم کا افتتاح کررہی ہیں